THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Tuesday, 13th October, 2026
(364th Session)
Volume VIII, No. 01
(Nos.)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad
Volume VIII SP.VIII(01)/2026
No. 01 04

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Recitation of Naat 1
3. FATEHA 2
4. Panel of Presiding Officers 2
5. Motion under Rule 363 moved for dispensation of rules 2
6. Leave of Absence 3
7. Presentation of report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Iqra Global University Bill, 2026] 5
8. Presentation of report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Anti-Rape (Investigation and Trial) (Amendment) Bill, 2026] 5
9. Presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion regarding misconduct of a member of Cabin Crew of PIA Flight No. PK-326 5
10. Laying of Oil and Gas Regulatory Authority (Amendment) Ordinance, 2026 (Ordinance No. V of 2026) 6
11. Point of Order raised by Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition, regarding the imposition of Emergency, Governor's Rule in Khyber Pakhtunkhwa 6
    - Senator Raja Nasir Abbas 6
    - Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior and Narcotics Control 19
    - Senator Syed Ali Zafar 25
    - Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House 33

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Tuesday, 13th October, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty minutes past six in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾

ترجمہ: وہی اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، بادشاہ حقیقی، پاک ذات، ہر عیب سے سلامتی، امن دینے والا نگہبان، غالب زبردست بڑائی والا، اللہ لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے۔ وہی اللہ تمام مخلوقات کا خالق ایجاد و اختراع کرنے والا، صورتیں بنانے والا، اس کے سب سے اچھے نام ہیں، جتنی چیزیں آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اس کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

سورۃ الحشر (آیات ۲۲تا۲۴)

Recitation of Naat

سائے میں تمہارے ہیں قسمت یہ ہماری ہے
قربان دل و جاں ہیں کیا شان تمہاری ہے
کیا پیش کروں آقا کیا چیز ہماری ہے
یہ دل بھی تمہارا ہے یہ جاں بھی تمہاری ہے
قربان دل و جاں ہے کیا شان تمہاری ہے

FATEHA

جناب چیئرمین: لیڈر آف دی اپوزیشن دعا فرمائیں کہ ملتان میں حادثہ ہوا ہے، ملتان میں ریلوے کا حادثہ ہوا ہے، کچھ شہادتیں ہوئی ہیں، دعا فرمائیں۔

(اس موقع پر ایوان میں دُعائے مغفرت کی گئی)

Panel of Presiding Officers

Mr. Chairman: I want to make an announcement of Panel of Presiding Officers. In pursuance of sub-Rule (1) of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, I nominate the following members in order of precedence to form a Panel of Presiding Offices for 364th Session Senate of Pakistan:-

1. Senator Shahadat Awan
2. Senator Mohammad Abdul Qadir
3. Senator Manzoor Ahmed

میں ذرا منسٹر صاحب کو confidence میں لوں۔ (جاری ہے۔۔۔۔T02)

T02-13Oct2026 Taj/Ed. Neelum 06:40 p.m.

جناب چیئرمین: (جاری) میں ذرا منسٹر صاحب کو confidence میں لوں۔ آپ تشریف رکھیں۔ آج House Business Advisory Committee کی میٹنگ ہوئی تھی۔ اس میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ آج Question Hour کو drop کریں گے اور Leader of the Opposition کچھ بات کریں گے۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: ٹھیک ہے، اگر House Business Advisory Committee میں یہ فیصلہ ہوا ہے۔

Mr. Chairman: Then we have to move the motion. Yes, please.

Motion under Rule 363 moved for dispensation of rules

Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition): Thank you Mr. Chairman. It is moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that requirement of Rule 41 of the said Rules regarding Question Hour be dispensed with for today's sitting of the Senate.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The motion is carried and the Question Hour for today's sitting is suspended. The questions printed for today, will be taken up tomorrow. Leave of absence.

<u>Leave of Absence</u>

Mr. Chairman: Senator Kamil Ali Agha has requested for the grant of leave for 24th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Fawzia Arshad has requested for the grant of leave for 24th and 25th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Nadeem Ahmed Bhutto has requested for the grant of leave for 24th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Syed Waqar Mehdi has requested for the grant of leave for 28th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Dostain Khan Domki has requested for the grant of leave for 25th August, 2026 during the 363rd Session due to illness. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Muhammad Talha Mahmood has requested for the grant of leave for 24th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Qurat-Ul-Ain Marri has requested for the grant of leave for 24th, 25th and 28th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur has requested for the grant of leave for 25th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Syed Ali Zafar has requested for the grant of leave from 17th to 21st August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Anusha Rahman Ahmad Khan has requested for the grant of leave for 24th and 28th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagements. Is leave granted?

(Leave was granted)

جناب چیئرمین: قائد حزب اختلاف، راجہ صاحب! ایک منٹ کا ایک formal item صرف lay کرنا ہے۔ اگر آپ اجازت دے دیں۔ شکریہ۔

Senator Bushra Anjum Butt, please move Order No. 3.

Presentation of report of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training on [The Iqra Global University Bill, 2026]

Senator Bushra Anjum Butt: Thank you Mr. Chairman. I, Chairperson, Standing Committee on Federal Education and Professional Training, present report of the Committee on a Bill to provide for establishment of the Iqra Global University [The Iqra Global University Bill, 2026] introduced by Senator Mohammad Abdul Qadir on 11th May, 2026.

Mr. Chairman: Report stands laid. Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control. On his behalf Senator Shahadat Awan, please move Order No. 4.

Presentation of report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Anti-Rape (Investigation and Trial) (Amendment) Bill, 2026]

Senator Shahadat Awan: Sir, On behalf of Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control, I present report of the Committee on a Private Member Bill transmitted by the National Assembly, to amend the Anti-Rape (Investigation and Trial) Act, 2021 [The Anti-Rape (Investigation and Trial) (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No. 5, Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, may move Order No.5.

Presentation of report of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion regarding misconduct of a member of Cabin Crew of PIA Flight No. PK-326

Senator Syed Waqar Mehdi: Thank you Sir. I, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, present report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senator Bilal Ahmed Khan regarding misconduct of a member of Cabin Crew of PIA Flight No. PK-326.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No. 6, Minister-in-Charge, please move Order No. 6. Who is the Minister-in-Charge? Rana Sana Ullah Sahib, please move Order No. 6.

Laying of Oil and Gas Regulatory Authority (Amendment) Ordinance, 2026 (Ordinance No. V of 2026)

Senator Rana Sana Ullah Khan (Adviser on Political Affairs): Mr. Chairman, I lay before the Senate the Oil and Gas Regulatory Authority (Amendment) Ordinance, 2026 (Ordinance No. V of 2026), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. It is the first in the Senate, therefore, in terms of Paragraph (b), Clause 3 of the Article 89 of the Constitution. It will be treated as a Bill introduced in the Senate. Accordingly the Bill stands referred to the Standing Committee concerned. Yes, Leader of the Opposition.

رانا ثناء اللہ صاحب، ان کے بعد آپ جواب دیں گے۔ جی۔

Point of Order raised by Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition, regarding the imposition of Emergency, Governor's Rule in Khyber Pakhtunkhwa

Senator Raja Nasir Abbas

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! وہاں پر یہ طے ہوا تھا کہ آج یہاں پر ہم اپوزیشن کے لوگ، جو خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور emergency لگائی گئی ہے اور عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالا گیا ہے، اس کے بارے میں بات کریں گے۔ تو اس لیے فقط میں نے بات نہیں کرنی ہے، اسی لیے ہم نے ابھی آپ کے سامنے Article 363 کے تحت گزارش کی تھی کہ Question Hour کو آپ postpone کریں گے یا suspend کریں گے۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب چیئرمین! میں چونکہ Advisory Committee meeting میں نہیں پہنچ سکا تھا تو جو sense مجھے participants سے ملی ہے، وہاں پر یہ بات ہوئی ہے کہ قائد حزب اختلاف بات کریں گے۔ قائد حزب اختلاف یہ فرمارہے ہیں کہ میں بات نہیں کروں گا اور اپوزیشن کے دوسرے ممبرز بات کریں گے۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: وہاں پر باقاعدہ جو لوگ بیٹھے ہوئے تھے، وہ بھی چاہ رہے تھے۔۔۔

جناب چیئرمین: قائد حزب اختلاف صاحب! میں تھوڑا سا explain کردوں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بات تو کرنے دیں، بولنے تو دیں۔

جناب چیئرمین: نہیں آپ کریں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: آپ اقدامات کر رہے ہیں، جو دل چاہ رہا ہے آپ وہ کر رہے ہیں۔ کم از کم بات تو کرنے دیں یا یہاں پر بھی بات کرنا جرم ہے۔ یہاں پر بھی ہمارے اوپر پابندیاں لگائی جائیں گی۔

Mr. Chairman: Leader of the Opposition.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بڑا دل رکھیں، آپ نے جو کرنا تھا، وہ کر لیا ہے اور مجھے پتا ہے کہ آپ نہیں چاہتے تھے جو ہوا ہے۔ اس لیے مہربانی کریں ہماری بات سنیں۔

جناب چیئرمین: آپ بات کریں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: آپ کا بہت شکریہ ہوگا۔ ہم جو چاہتے تھے، وہ بہتر چاہتے تھے لیکن کم از کم، مجھے یہ یقین ہے کہ یہ جو ہوا ہے، یہ آپ نہیں چاہتے تھے۔ چلیں، ان شاء اللہ، آگے بڑھتے ہیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا کہ ہم اپنی سوچ، اپنی فکر، جو دیکھ رہے ہیں اور جو ہو رہا ہے اس کے بارے میں بات کریں۔ پاکستان ایک فیڈریشن ہے۔ یہاں پر بادشاہت نہیں ہے۔ ایک آئین کے مطابق، یہ ایک جمہوری ملک ہے، وہ بھی اسلامی جمہوری ملک ہے۔ فقط democratic country نہیں ہے بلکہ پاکستان اسلامی جمہوریہ ہے۔ Democratic values کا بھی خیال رکھا جائے گا اور اس ملک میں اسلام کے قوانین کا بھی خیال رکھا جائے گا۔ اسی بنیاد پر آپ شراب کو جائز نہیں قرار دے سکتے۔ اسی بنیاد پر آپ جُوئے کو جائز نہیں قرار دے سکتے، اسلام منع کرتا ہے، جائز نہیں قرار دے سکتے۔ آپ نے آئین میں لکھا ہوا ہے، پاکستان کے آئین میں ہے۔ کیا یہ جو آئین میں ہیں، یہ ہوائی باتیں ہیں یا یہ وہ اصول ہیں جن پر عمل کرنا ہے؟ اور آپ جانتے ہیں، آپ آگاہ ہیں۔ (جاری۔۔۔T03)

سینیٹر راجہ گا۔ اسی بنیاد پر آپ شراب کو جائز قرار نہیں دے سکتے۔ اسی بنیاد پر آپ جوئے کو جائز قرار نہیں دے سکتے کیونکہ اسلام منع کرتا ہے۔ آپ نے آئین میں لکھا ہوا ہے، پاکستان کے آئین میں ہے، کیا جو آئین میں ہے یہ ہوائی باتیں ہیں یا یہ اصول ہیں جن پر عمل کرنا ہے۔ آپ جانتے ہیں، آپ آگاہ ہیں، آئین وہ document ہے، وہ سند ہے جو پاکستان ناصر عباس: (جاری) اس ملک کے اندر اسلام کے قوانین کا بھی خیال رکھا جائے کی تمام اکائیوں کی آرزوؤں کی مشترکہ ترجمان ہے۔ یہ document فیڈریشن کو اکٹھا رکھتا ہے۔ یہ آئین ہے، پھر آئین کی روشنی میں بنائے جانے والے قوانین ہیں۔ پھر ایسی ترامیم جو آئین کی روح کے خلاف ہوں، وہ بھی غلط ہوتی ہیں کیونکہ آئین کی جو روح ہے، وہ باقی رہنی چاہیے۔ ایسا نہیں کہ مجھے اختیار ہے قانون سازی کرنے کا، ترمیم کرنے کا، چار لوگوں کو ساتھ ملا لوں، پیسے دے لوں، threat کرکے، harass کرکے، اغوا کرکے، میں آئینی ترامیم کروں، یہ ساری کی ساری غلط ہیں۔ یہ آئین کی روح کے خلاف ہے۔ ایسے نہیں ہو سکتا۔

پاکستان کا آئین مقدس document تھا جو اسی ایوان کے اندر متنازع بنایا گیا۔ آپ نے دیکھا کیسے لوگوں کو ووٹ دینے کے لیے یہاں پر لایا گیا۔ کیسے لوگ لائے جا رہے تھے، کیسے لوگ خوف زدہ، ڈرے ہوئے، سہمے ہوئے اور چھپے ہوئے تھے؟ ایسے اس document کے ساتھ کھیلا جاتا ہے جو ہماری فیڈریشن کی وحدت کا ضامن ہے؟ اتنی لاپروائی، اتنی بے حمیتی، اتنی جرأت اور جسارت۔ بانگ دہل دنیا کے سامنے آئین کو اٹھا کے پرے پھینکنا اور متنازع بنا دینا۔ کیا آئین کو متنازع بنا کر پاکستان کو محفوظ رکھا جا سکتا ہے؟ کچھ طالع آزماؤں کی آرزوؤں کو پورا کرنے کے لیے، ہم ان کے اشارے پر چل کر پاکستان کے آئین کے اوپر حملہ کرکے، اسے متنازع بنا کر کیا پاکستان کی فیڈریشن اور ریاست کے ساتھ وفاداری کر رہے ہیں؟ وہ جو ہم نے حلف اٹھایا ہوا تھا، کیا اس کے ساتھ ہم وفاداری کر رہے ہیں؟

اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ حاکمیت اعلیٰ اللہ کی ہے۔ قرآن کی روشنی میں عوام کی حاکمیت نہیں ہے۔ حاکمیتِ اعلیٰ اللہ کی ہے۔ اللہ اقتدار کا مالک ہے۔ آپ نے آئین میں لکھا ہو ہے کہ حاکمیتِ اعلیٰ اللہ کی ہے۔ جب اقتدار کا مالک اللہ ہے تو ہمارے پاس جو اقتدار آئے گا، وہ ہمارے پاس امانت ہے، ہم اس کے مالک نہیں ہیں۔ (عربی) قرآن کہتا ہے، اہلیت کی بنیاد پر، لیاقت کی بنیاد پر، آپ نے کسی کو امانت دینی ہے۔ آپ مجھے بتائیں جو آئین شکن ہو جائیں، آئین کو پاؤں تلے روندیں، کیا وہ اس امانت کے اہل ہیں؟ ہمارے ملک کو اس وقت بدترین لا قانونیت کا سامنا ہے۔ Fundamental rights معطل ہیں، civil rights معطل ہیں۔ خوف ہے، ہراس ہے، ڈر ہے۔ ایک وزیر جاتا ہے، کہتا ہے کہ جناب عالی! آپ ڈرے ہوئے ہیں، باہر نہیں نکلتے ہو، بزدل ہو۔ میں ابھی اس طرف آتا ہوں۔ کوئی ایسا بندہ نہیں ہے جو عقل کے ساتھ بات کرے،

سوچ سمجھ کے بات کرے، سمجھداری کے ساتھ بات کرے۔ ایسے بولتے ہیں جیسے فاتح بن گئے ہیں۔ پاکستان انہوں نے فتح کر لیا ہے۔ پاکستان کا آخری مورچہ بھی چھین لیا ہے۔ اس لیے میری گزارش ہے کہ سب سے پہلے اگر اللہ یہاں کا حاکم اعلیٰ ہے، اگر حاکمیت اعلیٰ اللہ کی ہے، وہ اقتدار کا مالک ہے، اقتدار ہمارے پاس امانت ہے تو کیسے اس امانت کو اس power اور اختیار کو ہم استعمال کریں گے؟ کم از کم یہ شرط ہے، ایک مسلمان اور اللہ پر ایمان رکھنے والے کے حوالے سے۔ کم از کم یہ شرط ہے کہ اللہ ہمارے اس عمل سے ناراض نہ ہو۔ ہم جو کر رہے ہیں، کیا ہم کہہ سکتے کہ اللہ ناراض نہیں ہے؟ اللہ ناراض ہے، اللہ راضی نہیں ہے کہ عوام کے حقوق کو پامال کیا جائے۔ اللہ نے ہمیں اختیار دیا ہے right to choose کا اور اللہ نے اختیار دیا ہے کہ ہم آزاد زندگی گزار سکتے ہیں۔ یہ بھی احتمال اور خطرہ ہے کہ خدانخواستہ اس اختیار کو استعمال کرتے ہوئے کسی کو قتل کر دوں۔ کیا اللہ نے ہم سے یہ اختیار چھین لیا ہے؟ یہی ہماری آزمائش اور امتحان ہے۔

اللہ نے ہمیں right to choose دیا ہے اور اسی right کی بنیاد پر ہی حق رائے دہی ہے۔ جمہوریت یہیں سے، right to choose سے جنم لیتی ہے کہ ہم رائے دہی کا حق رکھتے ہیں، ہم ووٹ ڈال سکتے ہیں، اپنے لیے حکمران منتخب کر سکتے ہیں۔ پاکستان کے آئین کی روشنی میں حاکمیت اعلیٰ اللہ کی ہے اور حکمران وہ بنے گا جس کو عوام ووٹ دیں گے، ووٹ دے کر اس کو اقتدار کے کرسی پر لے کر آئیں گے۔ وہ اللہ کے سامنے بھی جواب دہ ہے اور عوام کے سامنے بھی۔ لہٰذا، آئینِ پاکستان یہ کہتا ہے۔ ہم اللہ کے سامنے بھی جواب دہ ہیں، عوام کے سامنے بھی جواب دہ ہیں۔ ہمارے رویے، ہمارا عمل ہمیں اللہ کے سامنے بھی کھڑا کرتا ہے اور عوام کے سامنے بھی کھڑا کرتا ہے۔

اس وقت میری گزارش ہے کہ جو بھی آج تک ہم نے کیا ہے، 8 فروری، 2024 سے، کیا اس سے عوام راضی ہیں، عوام خوش ہیں، عوام جشن منا رہے ہیں؟ مجھے واقعتاً افسوس ہوتا ہے۔ مجھے نہ تو پارلیمنٹ کا پتا ہے، نہ parliamentarians کا پتا ہے، نہ کسی چیز کا پتا ہے لیکن میں پڑھتا رہا ہوں۔ 11 اکتوبر کو خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگائی گئی اور گورنر راج لگایا گیا۔ 12 اکتوبر، 1999 کو یہاں پر ایک آمر نے آکر دو تہائی اکثریت رکھنے والی حکومت کو اٹھا کر پرے پھینکا۔ وہ سیاہ دن تھا، اسی طرح 11 اکتوبر بھی سیاہ دن ہے۔ کچھ لوگ، اپنے آپ کو جمہوریت کا champion کہنے والے اس دن مٹھائیاں تقسیم کر رہے تھے۔ دو تہائی اکثریت کو اٹھا کر پرے پھینکا گیا اور اس دن کچھ لوگ مٹھائیاں تقسیم کر رہے تھے۔ ایک جمہوری آدمی مٹھائیاں تقسیم نہیں کر سکتا۔ جس دن بھٹو صاحب کو پھانسی دی گئی، میں کراچی کینٹ میں تھا۔ وہ ضمیمہ میں نے وہاں دیکھا۔ اس وقت میں young لڑکا تھا۔ میں نے وہ ضمیمہ پڑھا، میری آنکھوں میں آنسو آئے۔ آپ یقین کریں پاکستان میں کہیں احتجاج نہیں ہوا۔ Elected Prime Minister کو ایک آمر جیل میں لے کر گیا، عدلیہ سے پھانسی دلوائی جبکہ بعد والی عدلیہ نے کہا کہ یہ غلط ہوا تھا۔

اس وقت کون باہر نکلا تھا؟ 12 اکتوبر، 1999 کو کون باہر نکلا تھا؟ کوئی نکلا تھا باہر؟ بہت کم لوگ نکلے تھے۔ میں جانتا ہوں مشاہداللہ صاحب کو بھی۔ بہت کم لوگ نکلے تھے۔ وہ چند لوگ تھے۔ اسی طرح بھٹو صاحب کو جب پھانسی دی گئی، سو، پچاس، ہزار یا بارہ سو نکلے ہوں گے لیکن پاکستان میں ہو کا عالم تھا۔ میں اس وقت کراچی کینٹ ریلوے اسٹیشن پر موجود تھا۔ میں اس دن باہر نکلا، پورا بازار پھرا، شہر پھرا۔ ہاں، مجھے دکھ تھا لیکن آدمی کہے کہ باہر نکلیں۔ دیکھیں، خدا کے لیے ایسے کام نہ کریں جس سے عوام ہر چیز سے irrelevant اور لاتعلق ہو جائیں، خدانخواستہ پاکستان سے بھی لاتعلق ہو جائیں۔ اس طرح کی بار بار کی practice پاکستان کے اندر جمہوریت کا جنازہ نکال دے گی۔ عوام کے حق رائے دہی پر ڈاکے ڈال ڈال کر انہیں مایوس کر دیا جائے گا کہ پاکستان کے اندر آگے بڑھنے کے لیے جمہوریت راستہ نہیں ہے۔ لوگ کوئی اور راستہ اختیار کریں گے۔

جناب عالی! میں عرض کرتا ہوں کہ کیا خیبر پختونخوا میں حالات اتنے خراب ہو گئے تھے کہ سوائے ایمرجنسی لگانے کے اور گورنر راج لگانے کے کوئی چارہ نہیں تھا۔ ان شاء اللہ، بعد والے دنوں میں، میں اس پر detailed بات کروں گا۔ کیا وہاں پر بات نہیں ہو سکتی تھی، آگے نہیں بڑھا جا سکتا تھا؟ وہاں کی genuine حکومت تھی، عوام کی دو تہائی اکثریت نے انہیں ووٹ دیا ہوا تھا جبکہ آپ نے اسے اٹھا کر پرے پھینکا۔ مذاکرات کی ایک کمیٹی میں، میں بھی موجود تھا۔ میں نے اپنی آنکھوں سے سب کچھ دیکھا، اس پر بولا بھی ہوں۔ جناب عالی! ہمارا تقریباً سیاسی مسائل پر اتفاق ہو گیا تھا۔ سیاسی بات چیت پر اتفاق ہو گیا تھا۔ اختلاف کہاں ہوا؟ جب سیکورٹی کے مسائل کو سیاسی مسائل کے ساتھ منتھی کیا گیا۔ ہم کہہ سکتے تھے، یہ جو ہوا ہے، اس پر عمل کرتے ہیں جبکہ ایک ہفتہ، آٹھ دن، دس دن اس کے اوپر مزید بیٹھیں گے، بات کریں گے اور حل نکالیں گے۔ دو تہائی اکثریت کی حامل حکومت ہے، آپ نے پہلے ہی ان کا 8 فروری، 2024 کا سارا mandate چھین لیا ہوا ہے۔ اسی پر راضی رہو، وہی بہت زیادہ آپ کے پاس آ گیا ہوا ہے، وہی نہیں سنبھالا جا رہا۔ یہاں پر کہا گیا کہ پاکستان کا سسٹم collapse کر چکا ہے۔ لہٰذا، اگر آپ نے ایمرجنسی لگانی ہے، پھر پورے پاکستان میں لگاؤ، اسلام آباد میں بھی لگاؤ کیونکہ سسٹم collapse کر گیا ہے، سسٹم نہیں چل رہا۔ یہ سسٹم بدامنی کو control نہیں کر پا رہا، معیشت کو ٹھیک نہیں کر پا رہا، سیاسی بحران حل نہیں کر پا رہا، health کو ٹھیک نہیں کر پا رہا، fundamental rights نہیں دے پا رہا، education کو تباہ و برباد کر دیا گیا ہے، سسٹم collapse کر گیا اور ایمرجنسی لگانی ہے تو پھر سب پر لگاؤ۔ بلوچستان کے حالات خیبر پختونخوا سے خراب ہیں۔ وہاں پر امن و امان اور دہشت گردی کا مسئلہ زیادہ ہے اور خطرناک ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ جب آپ نے پہلے وہاں ایمرجنسی لگائی تھی، اس کے بعد آج تک وہاں امن آ سکا۔ کیا ایمرجنسیوں سے امن آ سکتا ہے؟

جناب چیئرمین صاحب! آپ مجھے بتائیں کہ اگر عوام کی support ساتھ نہ ہو، عوام ساتھ نہ ہوں، elected نمائندے ساتھ نہ ہوں تو آپ امن لا سکتے ہیں؟ ان کے ساتھ بات کرو، بیٹھو، ہر کوئی دہشت گردی کا مخالف ہے۔ ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے بیس ہزار سے زیادہ جنازے اٹھائے ہیں۔ ہمیں بسوں سے اتار کر مارا گیا لیکن ہمارے ایک قاتل کو بھی آج تک سزا نہیں ملی۔ ایک قاتل کو بھی نہیں لٹکایا گیا۔

(T04 پر جاری ہے)

T04-13Oct2026 Ali/Ed: Waqas 07:00 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری ہے۔۔۔۔) ہمیں بسوں سے اتار کر مارا گیا لیکن ہمارے ایک قاتل کو بھی آج تک سزا نہیں ملی، ایک قاتل بھی نہیں لٹکایا گیا۔ ہم نے اتنی قربانیاں دی ہیں لیکن اسلحہ نہیں اٹھایا، ہمارا ایمان تھا کہ اپنی مظلومیت کو عوامی جدوجہد جدوجہد کے ذریعے طاقت میں بدل کر اپنے حق کو حاصل کرنا ہے، نوجوانوں کو کہا اسلحہ نہیں اٹھانا، دہشتگردی کی طرف نہیں جانا، ہمارا دشمن یہ چاہتا ہے کہ ہمارے ملک میں جنگ ہو، خانہ جنگی ہو، گلی گلی جنگ ہو، اس کے مقابلے میں ہم لوگ کھڑے ہوئے۔ دیکھیں سیاسی عمل کرنے والے لوگوں میں بڑا صبر ہوتا ہے، ان کے اندر تحمل ہوتا ہے، بردباری ہوتی ہے، برداشت ہوتی ہے۔ لہٰذا اس لیے کہا گیا ہے کہ جس کے پاس فوجی طاقت ہو، آرمی چیف ہو، جج ہو، کمیٹی کا چیئرمین ہو، جو بھی ہو، اس کو حق نہیں ہے اعلان جنگ کرنے کا اور جنگ بند کرنے کا، یہ سیاسی لوگ فیصلہ کریں گے کہ جنگ شروع کرنی ہے، جنگ بند کرنی ہے۔ Power والا بندہ تو بس گولی کا اور رائفل کا عادی ہوتا ہے۔ لہٰذا سیاسی لوگوں کو آگے بڑھنا چاہیے، سیاسی لوگ چیزوں کو ٹھیک کریں۔ لیکن ہم نے کیا دیکھا؟ آپ نے نتھی کر دیا امن و امان کے مسئلے کو سیاسی مسائل کے ساتھ۔

میرا ایک سوال ہے، جناب چیئرمین! عمران خان صاحب سے ملاقات یا ان کے علاج کی بات کرنا یہ جرم ہے؟ یہ آئین کے خلاف ہے؟ ہم لوگ یہاں آئین کے مطابق بیٹھے ہیں، قانون کے مطابق بیٹھے ہیں۔ میرا ایک سوال ہے، ایک قیدی کے ساتھ قاتل ہو، لٹیرا ہو، اسمگلر ہو، اس کے ساتھ ملاقات کرنے کا مطالبہ کرنا کیا یہ آئین کے خلاف ہے؟ یہ قانون کے خلاف ہے؟ وہ ایک سابق پرائم منسٹر ہے، عوام کے دلوں میں وہ رہتا اور بستا ہے۔ 08 فروری 2024 کو عوام نے اسے دو تہائی اکثریت دی ہے، اس کے ساتھ ملاقات کس لیے کرنا چاہتے ہیں اس ملک کے مسائل کو حل کرنے کے لیے، پولیٹیکلی مسائل کو حل کرنے کے لیے بات کرنا چاہتے

ہیں۔ چاہتے ہیں کہ ان سے ملیں، ان کے ساتھ بات کریں، ان کی باتیں سنیں، جو صحیح ہے انہیں کہیں آپ صحیح کہہ رہے ہو، جو غلط ہے انہیں کہیں آپ غلط کہہ رہے ہو۔

political reconciliationکا راستہ نکالیں لیکن ہم لوگ ملاقات ہی نہیں کر سکتے، ہم لوگ مل نہیں سکتے، کیوں یہ ایسے ہوتا ہے؟ کیا آسمان زمین پر گر جائے گا؟ ایک قیدی سے نہیں ملاقات کروا سکتے جو ایک پارٹی کا head ہے، اس کی پارٹی کی حکومت ہے، یہ کوئی بہت بڑا مسئلہ ہے؟ آپ یہاں تک لے جاتے ہو، عدالتیں فیصلے کرتی ہیں، عمل نہیں ہوتے۔ سپریم کورٹ فیصلہ کر دے عمل نہیں ہوتا، پھر لانگ مارچ ہی کرنا ہے، احتجاج ہی کرنا ہے، دھرنا ہی دینا ہے، نہ پارلیمنٹ سے، نہ کہیں اور سے ہمیں جب relief نہیں ملے گا ہم کہاں جائیں گے؟ ہم عمران خان سے صرف اس لیے ملنا چاہتے ہیں کہ اس وقت دنیا کے بدلتے ہوئے حالات، regionalحالات، internationalحالات، power moving conditionsمیں اس نے resize ہو کے reshapeہونا ہے، اپنا اس نے order کرنا ہے، ہم عمران خان صاحب سے ملیں گے، انہیں آمادہ اور تیار کریں گے تاکہ ہم مل کر آگے بڑھیں، پاکستان کو آگے لے کے جائیں، ہر ایک کا potential positive direction میں استعمال ہو۔ ہم ملاقات ہی نہیں کر سکتے۔ مذاق بنا ہوا ہے، ہم نے ہر چیز کو مذاق بنایا ہوا ہے۔ کیوں نہیں مل سکتے؟

آپ چیئرمین صاحب، پرائم منسٹر صاحب، جو جوpowerful ہے، جس کے پاس اختیارات ہیں، وزیر داخلہ صاحب، سارے یہ کر سکتے ہیں۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ انا اور تکبر بہت خطرناک چیز ہے۔ ہم نے تو اس رات یہ بھی مان لیا تھا، ٹھیک ہے ہماری ملاقات نہ کرواؤ، اس مسئلے پر آجاؤ۔ ہم نے یہ بھی مان لیا تھا کہ ہم آگے بڑھتے ہیں لیکن افسوس یہ ہے کہ اس امن و امان کے مسئلے کو نتھی کیا۔

ہمیں اندازہ ہے، جو عمل ہوا ہے، تیاری ہو چکی ہوئی تھی جس speed کے ساتھ آپ نے ایمرجنسی لگائی، گورنر راج لگایا اور آپ کے گورنر صاحب کہتے ہیں کہ بلوں سے باہر نکلو، بڑے انقلابی بنتے ہو تم۔ یہ گورنر کو زیب دیتا ہے، ایسے بات کریں؟ یہ زبان دیکھو، ایک وزیر صاحب بیٹھتے ہیں، وہ اس طرح اوٹھ پٹانگ باتیں کرتے ہیں۔ آپ کو چاہیے لوگوں کے زخموں پر مرہم رکھیں، محبت سے باتیں کریں، pressure سے، جبر سے، استبداد سے آپ لوگوں کے دل نہیں جیت سکتے۔ اگر آپ کے مخالف اسلحہ اٹھانے

والے، پاکستان کے مخالف سو ہیں تو ہزار ہو جائیں گے، ہزار ہیں، دس ہزار ہو جائیں گے ایسے، نہ نفرتیں پالو، نہ نفرتیں بوؤ، نفرتیں کاٹو گے پھر۔خدا کا قانون ہے، جو بوؤ گے وہی کاٹو گے۔ اس لیے ضروری ہے کہ۔۔

Mr. Chairman: Order in the House.

آپ کو جب باری ملے گی، پھر کوئی disturb نہیں کرے گا۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: میری جان، میرے چھوٹے بھائی، آپ لوگ دوست ہو، مجھے بات کرنے دو۔ میں اتنا کہتا ہوں کہ دیکھیں، میں درد سے بات کر رہا ہوں، میں اس وطن کا باوفا بیٹا ہوں، میں اس وطن کا غیرت مند بیٹا ہوں۔ میں پہلے بھی یہاں کہہ چکا ہوں، میں اس دن یتیم ہوا تھا جس دن پاکستان ٹوٹا تھا، پاکستان کی تباہی و بربادی مجھے نظر آ رہی ہے۔ میں کیا کروں، چپ ہو جاؤں، مر جاؤں، نہ بولوں؟ہم کیوں feel نہیں کرتے، کیوں محسوس نہیں کرتے؟ کیا اگر وہاں پر اسلحہ اٹھانے والے 50، 100 تھے، 1000 تھے، اس حرکت سے آپ نے وہاں کے جوانوں کو کیا پیغام دیا ہے؟ چار کروڑ کی آبادی ہے KP کی۔ تقریبا پاکستان میں جو ratio ہے وہ دو کروڑ سے زیادہ نوجوان ہیں، کم از کم ایک کروڑ سوا کروڑ لڑکے ہیں۔آپ مجھے بتائیں، آپ نے ان کے لیے ثابت کیا کہ سیاسی جدوجہد کا راستہ result نہیں دیتا، عدلیہ result نہیں دیتی، Parliament result نہیں دیتی، ان کو کہاں لے جائیں ہم؟ وہ کدھر جائیں گے اپنے حقوق کے لیے؟ آپ لانگ مارچ کو بھی دہشت گردی کہتے ہو، لانگ مارچ کرنے والے کو بھی دہشت گرد کہتے ہو، اسلام آباد نہیں آ سکتے، آپ چڑھائی کر رہے ہو، آپ کی ذمہ داری کیا تھی، آپ کہتے آئیں بیٹھتے ہیں کہ ہم پرامن احتجاج کے لیے آپ کو facilitate کرتے ہیں، کس راستے سے آنا ہے، ambulance نہ رکے، خدانخواستہ ambulance میں کسی بیمار کو کوئی نقصان نہ ہو جائے، ایک طرف چلنا ہےاور ایک طرف راستہ کھولے رکھنا ہے، بات تو ہو سکتی تھی۔ کیوں نہیں بات ہو سکتی تھی؟ آپ پہلے دن ہی کہہ دیتے ہیں کہ لانگ مارچ تو دہشت گردی ہے۔

یہاں مولانا فضل الرحمٰن صاحب آئے، ساری پارٹیاں آئیں، بلاول بھٹو صاحب آئے، کسی نے نہیں کہا دہشت گرد آ رہے ہیں۔برائے مہربانی اگر آپ نے یہ راستہ اپنایا ہے، میں آپ کے سامنے اس سینیٹ کے اندر کہہ رہا ہوں، اپنے wisdom کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں، اپنے تاریخی مطالعے کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں اور بہت سے ملکوں کے تجربے کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں، اس سے بدامنی بڑھے گی، اس سے دہشت گردی بڑھے گی۔آپ نوجوانوں کو مایوس کر رہے ہیں، اس وزیر اعلیٰ کو جو two third mandate رکھتا ہے

عوام کا، اس کو اٹھا کر آپ نے بند کر دیا ہے، ان کے وزیروں کو اٹھا رہے ہیں، ان کے لوگوں کو اٹھا رہے ہیں، ان کے MNAs کو اٹھا رہے ہیں۔اس کا مطلب ہے کہ نہ MNAs کا راستہ درست ہے، نہ پارلیمنٹ کا راستہ درست ہے، نہ صوبائی اسمبلی کا راستہ درست ہے، پھر لوگ کیا کریں گے، مجھے بتائیں۔ پھر کہیں گے منظور پشتین ٹھیک ہے، پھر کہیں گے خدانخواستہ ٹی ٹی پی ٹھیک ہے۔ہمیں ایسے حق نہیں ملتا، آپ دھکیل رہے ہیں ان کو، نوجوانوں کو کون سمجھائے گا؟ آپ نے تو وہاں پر نیٹ بند کر دیا، پتہ نہیں کیا کیا بند کر دیا، میڈیا کو آپ کنٹرول کر رہے ہیں، لوگوں تک صحیح باتیں نہیں جانے دے رہے، آپ مجھے بتلائیں پہلے کیا پاکستان میں ایسے نہیں ہوا کہ وفاق میں اور حکومت ہو، صوبے میں کسی اور کی حکومت ہو؟ اختلافات نہیں رہے ان کے؟ ابھی میں مولانا فضل الرحمٰن صاحب کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا، وہ بتلا رہے تھے کہ جب پرویز مشرف کی حمایت میں چاروں صوبوں سے ووٹ مانگا گیا، کے پی نے بھی ووٹ نہیں دیا اور بلوچستان سے انہوں نے واپس لے لیا۔اختلاف کیا پرویز مشرف کے ساتھ، وہ dictator تھا، اس کو ووٹ نہیں دیے، اس نے برداشت کیا اور بھی چیزوں پر مخالفت کی انہوں نے، وہ آتے نہیں تھے، جو meeting ہوتی تھی، پتہ نہیں صوبے کی کون سی meeting، ان کا وزیر اعلیٰ نہیں آتا تھا زلزلے سے پہلے۔آپ تو اپنے آپ کو جمہوری پرائم منسٹر کہتے ہیں، وہ dictator برداشت کر رہا تھا اپنے اختلافات، آپ برداشت نہیں کرتے؟ آپ تو جمہوری پرائم منسٹر اپنے آپ کو کہتے ہیں، آپ تو کہتے ہیں کہ ہم elected ہیں، ایک dictator جو زبردستی آیا تھا، وہ اختلاف برداشت کر رہا تھا، آپ نہیں کرتے؟ کیوں ایسے ہو رہا ہے؟

جناب چیئرمین! ہم نیچے جا رہے ہیں، دن بدن ہمارا زوال ہے، decline ہے، ایک انسان کے طور پر، ایک Parliamentarian کے طور پر، ایک اقتدار کے حامل ہونے کے طور پر، ایک ذمہ دار ہونے کے طور پر، ایک Prime Minister, President, Senators, MNAs, and Cabinet کے ہونے کے تحت ہمارا زوال شروع ہے۔ پاکستان کے عوام ہمیں یہاں بھیجتے ہیں کہ ہم ان کے حقوق کی جنگ لڑیں گے، ہم پاکستان کو صحیح direction میں رکھیں گے، اس کی داخلی اور خارجہ پالیسی کے تمام مسائل یہاں discuss ہوں گے، Parliament میں discuss ہوں گے، Parliament کی کوئی اہمیت ہے؟ ابھی ہم بات کر رہے تھے 21 دن پارلیمنٹ کا اجلاس نہیں ہوا، کیوں نہیں ہوا؟ ہم کیوں نہیں اپنا کام کرتے؟ 21 دن جو ہمارا اجلاس ہونا چاہیے تھا، وہ نہیں ہوا، کیوں نہیں ہوا؟ ہماری duty ہے ہم یہ کام کریں، پارلیمنٹ میں بیٹھیں اور اپنی ذمہ داریاں

انجام دیں۔ کوئی جواب دہ ہے، کوئی پوچھنے والا ہے، کوئی پوچھ سکتا ہے کسی سے؟ پاکستان کے مسائل ہیں، ہم KP کے مسائل پر یہاں بیٹھتے، ہم ادھر امن و امان کے مسائل پر یہاں بیٹھتے ہیں۔

پاکستان کی وکلاء برادری اختلاف کر رہی ہے، ساری اپوزیشن اختلاف کر رہی ہے، خدا کے لیے اپوزیشن کو، پاکستان کے عوام کو انسان سمجھو، عقل والا سمجھو، شعور والا سمجھو، باہوش سمجھو، کتنا صبر ہے ان کے اندر، اب آپ نے وہاں پر 11 رکنی ایک مرکزی کمیٹی بنا دی ہے، آپ اس صوبے کو وفاق سے چلائیں گے، ماشاءاللہ پھر گورنر کس لیے وہاں پر؟ آپ نے اتنی جلدی سے DC تبدیل کیے، DPOs تبدیل کیے، اتنی fastاور پتہ نہیں وکلاء کے جو ہوتے ہیں، عہدے دار کوئی advisor ہوتا ہے، کیا ہوتا ہے، additional قانون کی ذمہ داریاں ہوتی ہیں ان کی، ان کو آپ نے اٹھا کے پرے پھینکا ہے، آپ نے پہلے سے plan کیا ہوا تھا، آپ تیاری کر چکے تھے کہ آپ نے یہ کام کرنا ہے، یہ مذاکرات ڈھونگ تھا ڈھونگ۔ اگر مذاکرات ڈھونگ نہ ہوتے تو ہم کبھی بھی نتھی نہ کرتے اور بعد میں سیکیورٹی کے مسائل discuss کرتے (جاری ہے۔۔۔۔T05)

T05–13Oct2026 Imran/ED: Waqas 07:10 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری۔۔۔) آپ تیاری کر چکے تھے کہ آپ نے یہ کام کرنا ہے۔ یہ مذاکرات ڈھونگ تھے، ڈھونگ! اگر مذاکرات ڈھونگ نہ ہوتے تو ہم کبھی بھی نتھی نہ کرتے اور ہم بعد میں ہفتے میں security کے مسئلے کو discuss کرتے۔ اتوار کو ختم ہوا اور اتوار کو آپ نے چھٹی والے دن ماشاءاللہ! چھٹی والے دن خوب فیصلہ کیا۔ سات آٹھ دن بعد آپ نے فیصلہ کیا، سات آٹھ دن بعد بھی یہ جاری رہ سکتی تھی اور ہم آپس میں بیٹھ سکتے تھے، ہم بیٹھے بھی ہیں۔

ان سے پوچھیں ناں، کہ جب ہم اس شرط سے بھی پیچھے ہٹ گئے کہ عمران خان صاحب کی ملاقات کے بغیر بھی ہم فیصلہ کرنے پر تیار تھے۔ کیا آپ کسی ایک چیز سے پیچھے ہٹنے کو تیار تھے؟ کیا آپ صاحبِ اختیار تھے کہ وہاں بیٹھے ہوئے تھے؟ آپ صاحبِ اختیار نہیں تھے۔ ہم نے اپنا اختیار استعمال کیا اور ہم نے کہا ٹھیک ہے، بعد میں مل لیں گے، کوئی بات نہیں ہے حالانکہ شرط یہ تھی کہ پہلے ہم اُن سے ملاقات کریں گے اور پھر بات کریں گے لیکن ہم نے قبول کر لیا اور ہم پیچھے ہٹ گئے تھے۔ آپ کو بھی پیچھے ہٹنا چاہیے تھا۔ آپ کے پاس power ہے اور اقتدار ہے۔ آپ کو شرح صدر سے پیش آنا چاہیے تھا۔ پاکستان کے اندر جمہوریت کی خاطر، امن و امان کی خاطر بڑا دل کرنا چاہیے تھا۔

میرا ایک سوال ہے کہ اگر ہم سارے بیٹھ کے فیصلہ کر لیتے اور وہاں کی اسمبلی نے اور تمام stakeholders نے operation کے متعلق ایک متفقہ resolution پاس کی تھی۔ چونکہ اُن لوگوں کو operation کا سامنا کرنے کا بڑا تجربہ ہے۔ سالہا سال سے وہاں operation ہو رہا ہے۔ پنجاب میں ایک دفعہ بھی operation نہیں ہوا، ہمیں نہیں سمجھ ہو گی۔ بلوچستان والوں کو پتا ہو گا یا KP والوں کو پتا ہو گا۔ وہاں کافی عرصے سے حالات خراب ہیں۔ اُن کو پتا ہے کہ operation ہوتا ہے تو کیا ہوتا ہے۔ اس لیے اُن سب لوگوں نے، چاہے وہ پیپلز پارٹی تھی، چاہے ANP تھی، چاہے JUI تھی، چاہے اور جماعتیں تھیں، جماعت اسلامی تھی، وہاں کا chamber of commerce تھا، وکلا کی تنظیمیں تھیں، سارے بیٹھے، متفقہ طور پر سب نے مل کر ایک resolution pass کی جس میں اُنہوں نے guideline دے دی کہ کیسے اُس کے مطابق National Action Plan پر عمل ہو گا۔

کیا تھا، ہم یہ کہہ رہے تھے اور کہا جاتا ہے کہ یہ ساری کی ساری خرابی سہیل آفریدی نے کی۔ یہ غلط ہے۔ اس نقطے پر ہم سب جو آپ کے سامنے بیٹھے ہوتے ہیں، اُن کا اتفاق تھا۔ باقی چیزوں پر ہمارا اختلاف ہو سکتا ہے، اُن سے بھی ہو سکتا ہے لیکن اس پر اتفاق تھا کہ وہ operation کا ساتھ دیں گے لیکن جب بیٹھیں گے تو متفقہ طور پر فیصلہ کیا جائے گا اور جو باقی پارلیمانی پارٹیوں کے لیڈر یا باقی لوگ ہیں، اُن کے ساتھ مل کر اتفاق رائے سے فیصلہ ہو گا تاکہ عوامی نمائندوں کی support بھی ساتھ ہو اور عوامی support بھی ساتھ ہو۔ اس طرح سے ہم دہشتگردی کے مقابلے میں کھڑے ہوں گے، کم نقصان ہو گا اور زیادہ فائدہ ہو گا۔

دیکھیں! دہشتگردی کے خلاف آپ جب بھی کارروائی کریں گے تو اُس میں دہشتگردوں کے ساتھ ساتھ اوروں کو بھی نقصان ہوتا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ نقصان نہ ہو۔ سب کو نقصان ہوتا ہے تو نقصان کو minimize کریں۔ ہر جان قیمتی ہے۔ جناب والا! دو نظریے ہیں۔ قانون کے بارے میں بھی اور دہشتگردی سے نمٹنے کے بارے میں بھی۔ قانون کے بارے میں philosophy of law میں پڑھاتے ہیں کہ ایسا قانون بنانا ہے کہ کوئی مجرم بچ کر نہ جائے۔ اُس وقت آپ کا system تنگ ہوتا ہے اور آپ سختی کرتے ہیں۔ اور دوسرا ہوتا ہے کہ کوئی بے گناہ سزا نہ پائے۔ اُس وقت آپ relax ہوتے ہیں۔ دہشتگردی کے بارے میں بھی ایسے ہی ہے کہ کوئی دہشت گرد بچ کر نہ جائے اور پھر اگر بیچ میں عام بندہ بھی رگڑا جائے تو مسئلہ نہیں ہے۔ دوسری سوچ یہ ہے کہ دہشت گردوں کو بھی اُڑانا ہے لیکن کسی بے گناہ کو بھی نقصان نہیں پہنچنے دینا تو پھر آپ بڑی حکمت و تدبیر کے ساتھ، حوصلے کے ساتھ اور تھوڑا بہت relax ہو کر آپریشن کرتے ہیں اور جناب چیئرمین! یہ کامیاب بھی ہوتا

ہے۔ ہم تو یہ کہتے تھے۔ ہم آپ کا ساتھ دیتے، اُن علاقوں میں جاتے اور ہم لوگ لوگوں کو motivate کرتے لیکن آپ نے کیا کیا؟ پوری ایک پارٹی کو ایک طرف کر دیا۔

میرے خیال میں political wisdom یا collective wisdom بڑا اہم ہوتا ہے۔ آپ یہاں لے آتے تو ہم آپ کے ساتھ بیٹھتے۔ کون نہیں چاہتا کہ امن ہو؟ کون نہیں چاہتا کہ دہشت گردی کا خاتمہ ہو؟ ہم تو وہ ہیں جو victim رہے ہیں۔ ہم نے پاکستان میں بہت بڑی بڑی قربانیاں دیں ہیں۔ چھوٹے معصوم بچوں کی بھی قربانیاں دیں ہیں، عورتوں کی بھی دیں ہیں، ہم نے ایک ایک دن میں دو دو سو جنازے اٹھائے ہیں۔ ہمیں پتا ہے کہ دہشت گردی کیا ہوتی ہے اور اُس کا مقابلہ ہونا چاہیے لیکن کیسے جناب چیئرمین! ایسے مقابلہ کریں کہ دہشت گردی ختم ہو، کم ہو۔ وہاں متفقہ طور پر بہت سے کام کرنے کی ضرورت ہے، احسن plan کی ضرورت ہے، مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، صوبائی نمائندوں کو عزت دینے کی ضرورت ہے، elected نمائندوں کو عزت دینے کی ضرورت ہے، وہاں کے مشران اور بزرگان جو elders ہیں، اُن کو بھی on board لینے کی ضرورت ہے۔ مل کر اور plan کرکے ہم بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ جب آپ دہشت گردی کے خلاف کھڑے ہوں گے کہ لوگ دہشت گردی کی طرف نہ جائیں تو وہاں اُن کو سہولتیں بھی دینی پڑیں گی۔ وہاں تھوڑی بہت development بھی کرنی پڑے گی۔ اُن کو on board لے کر اُن کے ساتھ کام کرنا پڑے گا۔ صوبائی حکومت کو ساتھ رکھنا پڑے گا تو پھر یہ ہوگا۔

میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ اگر دہشت گردی اور امن و امان کا مسئلہ اس بات کا سبب ہے کہ وہاں پر ہر حال میں emergency لگانی ہے اور وہاں پر گورنر راج لگانا ہے، تو کیا بلوچستان کے حالات، میں نہیں چاہتا کہ وہاں لگے لیکن کیا بلوچستان کے حالات امن و امان اور دہشت گردی کے حوالے سے بدتر نہیں ہیں؟ اصل میں KP کی حکومت آپ کے نشانے پر تھی۔ وہاں آپ نے اسپیکر کو بھی اُٹھا لیا۔ عجیب بات ہے۔ یہ پارلیمان کی کتنی توہین اور بے حرمتی ہے۔ اسپیکر، وزیر، وزیراعلیٰ، ہر کوئی آپ کے نشانے پر ہے۔ آپ کے پاس طاقت ہے، power کا misuse اور اختیارات کا غلط استعمال خدا کی نگاہ میں جرم ہے۔ جناب چیئرمین! میں ایک دینی طالب علم ہوں۔ میں نے پہلے کبھی آپ سے یہاں پر ایسی باتیں نہیں کیں ہیں لیکن یہ جرم ہے۔ یہ جرم ہے!

اگر خدانخواستہ آج پنجاب میں جناب ملک احمد خان صاحب کو کوئی ایسے اٹھائے، ہم اُس کے خلاف stand لیں گے۔ وہاں کے وزیروں کو کوئی ایسے اٹھائے تو اُس کے خلاف سٹینڈ لیں گے اور بولیں گے۔ ظلم ہر جگہ ظلم ہوتا ہے۔ ظلم میں pick and choose نہیں ہوتی۔ امام

علی علیہ السلام نے کہا ہے کہ (عربی)۔ ظالموں کے گریبان میں ہاتھ ڈالنا۔ "خصم" کہا ہے، ظالموں کے گریبان میں ہاتھ ڈالنا اور مظلوموں کے مددگار بننا۔ میں یہاں کہہ چکا ہوں کہ فرعون کے بھی ظلم نہیں ہونا چاہیے۔ اُس کو اُس کے جرم کی سزا ملنی چاہیے۔ ہم لاہور TTAP کے ساتھ جا رہے تھے تو راستے میں ہم ایک پیٹرول پمپ پر نماز پڑھنے کے لیے رُک گئے۔ وہاں پر ٹک شاپ سے کچھ لینے کے لیے گئے تو ایک لڑکے نے تصویر لی۔ ڈی ایس پی صاحب گئے اور اُس کے منہ پر تھپڑ مارا۔ میں نے اُسے کہا آپ کو اس کو تھپڑ مارنے کا اختیار کس نے دیا ہے؟ آپ ہوتے کون ہیں اس کو تھپڑ مارنے والے؟ کیوں مارا؟ کیوں اس کے اوپر ظلم کیا؟ یہ بچہ ہے، تمہارے بارے میں کیا سوچے گا؟ آپ کو یہ کس نے اختیار دیا ہے؟ آئین نے، قانون نے، خدا نے، کس نے اختیار دیا ہے کہ اس کو اس جرم پر سزا دو کہ وہ ایک بندے کی تصویر لے رہا ہے۔ بچہ ہے، اسکول کا یا کالج کا student ہے، وہ آپ کے بارے میں کیا تصور لے کے جائے گا؟ محبت کرے گا یا نفرت کرے گا؟ اس لیے میری گزارش ہے کہ جو بھی کیا ہے، غلطی کو روکا جا سکتا ہے۔ واپس آئیں اور اس emergency کو ختم کریں۔ اس گورنر راج کو ختم کریں۔ آئیں اور بیٹھیں۔ چیزوں کو ٹھیک کر کے آگے بڑھا جا سکتا ہے۔ غلطی کا علاج، غلطی کو دوام دینا، اُس کو آگے لے کے جانا نہیں ہے۔ آپ یقین کر لیں جناب والا! یہاں منسٹر صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں، چیئرمین صاحب! یہ وہاں امن نہیں لا سکیں گے اور اس طرح سے مزید بدامنی پھیلے گی اور مزید بدتری آئے گی۔ خدا کے لیے اس کا نقصان پاکستان کو ہوگا، پاکستان کے عوام کو ہوگا۔ آپ وہاں کی ظرافتیں جان لیں۔ آپ یقیناً جانتے ہیں اور مجھ سے بھی زیادہ جانتے ہیں۔ آپ کے پاس معلومات ہیں، آپ کے پاس ادارے ہیں، آپ دیکھ لیں۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ افغانستان سے penetration ہو رہی ہے۔ افغانستان میں بھی پشتون ہیں اور KP میں بھی پشتون ہیں۔ میں ہمدردی سے یہ بات کر رہا ہوں، وطن سے محبت کی وجہ سے بات کر رہا ہوں، پتا نہیں ہم کل ہوں گے یا نہیں ہوں گے، یہ آسمان ہوگا اور یہ ستارے ہوں گے لیکن ہم نہیں ہوں گے۔ ان شاء اللہ یہ پاکستان بھی رہے گا لیکن ہم نہیں ہوں گے۔ آئیں پاکستان کو تباہی سے بچائیں۔ ادھر بھی پشتون اور اُدھر بھی پشتون ہیں۔ آبادی دیکھ لیں۔ اِدھر اُدھر رشتہ داریاں ہیں۔

ٹھیک ہے، آپ کی بات درست، میں مانتا ہوں کہ حملے ہو رہے ہیں۔ حملوں کا علاج تلاش کرنا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ خدانخواستہ نہیں ہو رہے لیکن اس کا علاج تلاش کریں۔ کیسے تلاش کریں گے؟ کیا ان لوگوں کو اُدھر دھکیل کر، اُن کو کہیں گے کہ تم طالبان کے حامی ہو، تم طالبانی ہو! یہ تو حل نہیں ہے نا۔ اگر ہو بھی تو کہو کہ تم نہیں ہو۔ میرے ایک دوست نے مجھے ہے، وہ حکیم انسان تھا، بڑا آدمی تھا، اگر مجھے پتہ چل جائے ناں کہ یہ بندہ فلاں ملک کے لیے جاسوسی کرتا ہے اور وہ کہہ دے کہ میں نہیں کرتا ہوں تو میں کہوں گا کہ تم نہیں کرتے ہو۔ کم از کم چار غلطیاں تو نہیں کرے گا، اُس کو شرم آئے گی۔ ہم بار بار کہیں کہ تم طالبان کے ایجنٹ ہو، تم TTP ہو، تم فلاں ہو، تم فلاں ہو! یہ حل ہے؟ کیا لوگوں

کو سمجھانے کا یہ طریقہ کار ہے؟ ریاست ماں ہوتی ہے۔ ہم نے اعتزاز احسن سے سنا تھا اور اُس کی ایک نظم بھی تھی کہ ریاست ماں ہوتی ہے، ماں! تو آپ ماں بن کے آئیں۔ اگر کسی ماں کا ایک پاگل بچہ ہو تو کیا وہ اُس کو اٹھا کر پھینک دیتی ہے؟ اُس کو مار دیتی ہے؟ یہ میں نصیحتیں کر رہا ہوں۔ میری بات کو کسی پارٹی کی بات سمجھ کر ایسے ردنہ کر دینا۔

(T06 پر جاری ہے)

T06-13Oct2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 6:30 PM

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری۔۔۔) میری بات کو کسی پارٹی کی بات سمجھ کر ایسے نہ رَد کر دینا۔ میں پاکستان کے بیٹے، فرزند کے طور پر پاکستان کے آئین، قانون پر ایمان اور یقین رکھتا ہوں۔ جناب چیئرمین! اگر میں رات کو دو بجے بھی آرہا ہوں تو اس وقت کوئی گاڑی نہیں ہوتی، red light on ہو تو میں اپنے driver کو red light cross نہیں کرنے دیتا۔ وطن کا قانون میرے لیے مقدس ہے، اس پر عمل کرنا ایسے فرض اور واجب ہے جیسے نماز پڑھنا فرض اور واجب ہے، میں آپ کے توسط سے کہتا ہوں۔۔

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب please wind up کریں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب چیئرمین! میں ختم کرنے لگا ہوں۔ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ باتیں کرنے کے لیے بڑے دن ہیں ان شاءاللہ کل بھی بات کریں گے پرسوں بھی کریں گے، joint session میں بھی بات کریں گے۔ میں پھر نصیحت کرتا ہوں، سوچ لیں، آپ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ مجھے پتہ ہے کہ آپ کے دل مطمئن نہیں ہیں، سوچ لیں اور واپس آئیں کسی کی شکست نہیں ہوگی، پاکستان جیتے گا، پاکستان کی عوام جیتے گی، یہ پارلیمنٹ جیتے گی، ہم سب جیتیں گے، کسی کو شکست نہیں ہوگی۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. I now give the floor to the honorable Minister for Interior, Mohsin Naqvi sahib.

شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ سب نے Leader of the Opposition کو خاموشی سے سنا، I would expect the same from them.

Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior and Narcotics Control

سینیٹر سید محسن رضا نقوی (وزیر برائے داخلہ اور انسدادِ منشیات): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، بہت شکریہ جناب چیئرمین! میں راجہ صاحب کا بڑا احترام کرتا ہوں، ایک بڑی جذباتی سی تقریر کی ہے۔ میں دو تین چیزیں کی ان سے request کرنا چاہتا ہوں، پہلی بات یہ کہ اللہ تعالیٰ ہمارا بھی ہے، اللہ تعالیٰ اِس side پر بیٹھنے والوں کا بھی ہے اور اُس side پر بیٹھنے والوں کا بھی ہے۔ ہمیں دو political parties کی یا دو حکومتوں کی لڑائی میں اللہ تعالیٰ کو نہیں لانا چاہیے کیونکہ یہ اللہ کو پتہ ہے کہ کون کتنا اللہ تعالیٰ کے قریب ہے۔ دوسری بات راجہ صاحب نے کی

ہے کہ Constitution کی violation ہوئی ہے۔آپ سے میں request کروں گا کہ کوئی کسی قسم کی ممبرز کی کمیٹی بنادیں جس میں experts سے expert ہو، بتادیں کہ Constitution کی کون سی شق کی violation ہوئی ہے؟ Constitution میں طریقہ کار دیا گیا تھا اور یہ 1973 کے آئین کا تھا۔ اگر کوئی violation ہوئی ہے جو راجہ صاحب نے کہا Constitution کی توہین اور Constitution کو اڑاکے رکھ دیا ہے۔آپ صرف یہ بتادیں کہ کون سی شق کی violation ہوئی ہے؟

میں ایک چیز ضرور کہوں گا کہ چاہے PML(N) ہے، چاہے پیپلز پارٹی ہے، ایک ایک شق کو انہوں نے دیکھا ہے۔ادھر فاروق نائیک صاحب بیٹھے ہیں ان سے پوچھ لیں آپس میں discussion ہوئی کہ کہیں پر ایک چیز violate نہ ہو۔ اس پر راجہ صاحب نے کہا کہ Constitution سے ہٹ کر یا Constitution سے باہر کوئی چیز ہوئی ہے۔برائے مہربانی میں request کروں گا، اس act کو کہہ سکتے ہیں کہ یہ غلط ہے، ہمارے خیال میں صحیح ہے، اس کی کافی reasons ہیں۔ میں ابھی بتا بھی دیتا ہوں لیکن یہ نہ کہا جائے کہ Constitution سے باہر رہ کے کوئی چیز کہی ہے۔

تیسری چیز اسی Parliament House کے اندر بیٹھ کر مذاکرات ہوئے۔ راجہ صاحب اس کا حصہ تھے، شیریں رحمان صاحبہ اس کا حصہ تھیں، رانا ثناء اللہ صاحب اس کا حصہ تھے۔ میں صرف ایک چیز ضرور کہوں گا کہ اگر کہیں پر کسی کے پاس کوئی script یا بات چیت موجود ہو ضرور سامنے لائیں۔ Terrorism پر پہلے دن جب ہماری بات چیت شروع ہوئی تو دوسری اور کوئی بات نہیں ہوئی۔ پہلے دس پندرہ منٹ صرف terrorism کے اوپر سات آٹھ points تھے جس کو discuss کیا، کوئی سیاسی discussion نہیں ہوئی تھی۔ جب سات آٹھ points discuss ہو گئے تھے، اسد قیصر صاحب نے نوٹ کیا، انہوں نے کہا ہم آپ سے ایک stepآگے ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ سارے کے سارے points میں آپ کے لیے نہیں، پاکستان کے لیے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ میں نے کہا اسد قیصر صاحب براہ مہربانی آپ کے point of view اور KP government کے point of view میں فرق ہے۔ براہ مہربانی آپ ان سے consult کر لیں۔ ہم اس کو ایک دن لیٹ کر لیتے ہیں لیکن آپ ان سے مشاورت کر لیں۔ آپ کے اور ان کے point of view میں فرق آ رہا ہے وہ clear ہو جائے۔ جس پر انہوں نے کہا ٹھیک ہے۔ میں پشاور جاؤں گا، ان سے discuss کروں گا اور ہم کل واپس مل لیتے ہیں۔ اس کے بعد پھر سیاسی point کی گفتگو ہوئی۔ سب سے پہلی گفتگو terrorism related کی تھی انہی علاقوں کے اوپر تھی، انہی چیزوں کے اوپر تھی، کوئی اس وقت political بات چیت نہیں ہوئی۔ اس کے بعد جب یہ بات ہو گئی پھر باقی چیزوں کے اوپر گفتگو ہوئی۔

جہاں تک emergency یا Governor ruleلگانے کی بات رہی، یہ option ہمارے پاس 26 نومبر کو بھی تھا، ہمارے پاس پہلے option بھی تھا۔ کیا وجہ ہے کہ اس وقت ہم نے power کو exercise کیا ہے؟ چیئر مین صاحب! آپ ان کے کچھ رہنما ہیں ان سے پوچھیں کہ کیا emergency لگنے سے رات پہلے تک میں نے فون نہیں کیا۔ میں ان کو request کرتا رہا۔ emergency لگنے سے پہلے 10 تاریخ کو میں نے بیرسٹر گوہر صاحب کو کیا نہیں کہا کہ برائے مہربانی para 4 میں جو changes چاہتے ہیں مجھے بتادیں، میں کوشش کروں گا ساری political parties کو on board کرلوں۔ میں سارا دن اس چیز کا انتظار کرتا رہا۔ Para 4 میں صرف changes کا کہا تھا، وہیں پر اختلاف تھا اور کہا کہ آپ بتادیں کیا draft چاہتے ہیں؟ ہم اس میں changes کرلیں گے، بیٹھ لیں گے، ہم میں سے کوئی بھی نہیں چاہتا تھا یہ ہو۔ راجہ صاحب کہہ رہے ہیں کہ بہت تیاری کی، سارا کچھ کیا، باخدا اگر اس دن agreement ہو جاتا یہ چیز کبھی نہ ہوتی۔ ہم اسی چیز کو avoid کرنا چاہ رہے تھے۔ ہم نہیں چاہتے تھے کہ یہ چیز ہو لیکن یہ ممکن نہیں ہے کہ ہم وہاں پر اپنے پولیس والوں کی، اپنے آرمی کے جوانوں کی، اپنے officers کی شہادتیں دیں اور وہاں پر اس حکومت سے ایک بندہ بھی ہمارے ساتھ آکر کھڑا نہ ہو۔ ہم لوگ یہاں سے جنازوں پر پہنچ جاتے تھے، پشاور شہر میں جنازے ہوتے تھے۔ ان کی حکومت سے کوئی بندہ نہیں آتا تھا۔ یہ سب کے سامنے ہے، کوئی دوسری چیز نہیں ہے۔ ہم وہاں پر اپنی شہادتیں دے رہے ہوتے تھے اگلے دن CM کسی جگہ پر تقریر کر رہے ہوتے تھے، انہی لوگوں پر جو بیچارے اپنی جانیں دے رہے ہیں ان کے خلاف تقریر کر رہے ہوتے تھے۔

اب اس کے بعد کیا option رہ جاتی ہے کہ اگر ایک حکومت جس کو lead کرنا تھا operation کہہ دیں یا جو پوری campaign ہے، وہ آپ کے خلاف ہو، آپ کے ساتھ بیٹھ کے بات کرنے کو تیار نہ ہو۔ سب سے ضروری چیز جو راجہ صاحب نے کی کہ اس کو ہم نے نتھی کر دیا، ہم نے نتھی نہیں کیا۔ اس پر سارا agreement تھا، واپس اگلے دن جب اسد قیصر صاحب آئے سب agree ہو گیا ہوا تھا، انہوں نے کہا بالکل ٹھیک ہے، آپ یہ لگادیں، ہم ادھر کے علاقوں کی emergency کو بھی support کریں گے، ہم terrorism پر بھی support کریں گے۔ draft میں تین مرتبہ changes ہوئیں، چوتھی مرتبہ چھ changes آئیں، تین changes کو ہم نے مانا، اگر ہم نے پیچھے نہیں ہٹنا تھا تو ہم کیوں مانتے؟ ایک ایک جملے کے اوپر discussion ہوئی، آخری چوتھی مرتبہ چھ changes تجویز کی گئیں۔ ان سب سے پوچھیں کیا چھ کی چھ تجاویز ہم نے نہیں مانیں؟ ایک ایک چیز کو ہم نے مانا۔ اس کے بعد جب سب کچھ طے ہو گیا، انہوں نے کہا کہ یہ تجاویز final کریں۔ اس کے بعد آپ CM KP کو script بھیجتے ہیں، وہ text بھیجتے ہیں، وہ آگے مراد سعید کو بھیجتا ہے اور اس کے بعد

تمام کی تمام چیزیں جو پورے دو دن کی محنت تھی وہ ضائع کر دی جاتی ہے۔ اگر اختیار ان لوگوں کے پاس تھا تو پھر ان کو بھیجنے کی کیا ضرورت تھی؟ اگر اس نے فیصلہ کرنا تھا تو کیا میں نے personally request اور ہمارے members نے نہیں کی تھی کہ براہ مہربانی آپ CM KP کو negotiation میں بھی بلائیں؟ اگر وہ نہیں آ سکتے تو اپنا نمائندہ بھیج دیں۔ وہ کیوں نہیں آیا مجھے نہیں پتہ لیکن ہم نے request کی تھی۔ اگر فیصلے CM KP نے کرنے تھے اور ان کے delegation کے پاس power نہیں تھی تو ہمیں پہلے بتا دینا چاہیے تھا لیکن برائے مہربانی یہ نہ کہیں terrorism کا پہلا session 15،20 منٹ اس پر تھا، اسد قیصر صاحب نے اس کو اتنے اچھے طریقے سے wrap up کیا۔ انہوں نے کہا آپ جو بات کر رہے ہیں وہ نہیں کرنی چاہیے۔ ہم اس میں ایک step آگے ہیں، میں سات کے سات point پر آپ سے agree کرتا ہوں، میں ابھی کرنے کو تیار ہوں۔ میں نے کہا براہ مہربانی ابھی آپ نہ کریں یہ بہت ضروری چیز ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ آپ محب وطن ہیں یا ہم محب وطن ہیں، پھر وہی بات آ جاتی ہے۔ (جاری۔۔۔T07)

T07-13Oct2026 Tariq/Ed: Mariam. 07:30 pm.

سینیٹر سید محسن رضا نقوی: (جاری) آپ محب وطن ہیں یا ہم محب وطن ہیں، پھر وہی بات آ جاتی ہے، definitely اگر emergency and Governor Rule لگانے کا یہ فیصلہ حکومت نے کیا تو یہ کوئی آسان فیصلہ نہیں تھا۔ ہمیں بھی پتا ہے کہ کتنی مشکلات ہیں لیکن کیا مشکلات ان جوانوں کی جانوں سے زیادہ عزیز ہیں، پھر تیسری بات راجہ صاحب نے کہی کہ ہم نہیں چاہتے کہ ایک بھی جان extra ضائع ہو لیکن آپ یہ کہیں کہ terrorism related سب کچھ ٹھیک ہے لیکن اس میں بھی ہماری شرائط ہیں۔

اس وقت جتنی دہشت گردی ہو رہی ہے اس میں 80 فیصد لوگ افغانستان سے آ رہے ہیں، آپ suicide bomber نکالیں تو دس میں سے سات سے آٹھ افغانی نکلتے ہیں۔ ہم نے تو آج تک کبھی پختونوں کا نام نہیں لیا، ہم نے ہمیشہ کہا کہ افغانستان سے لوگ آ رہے ہیں، ہمیں تو یہ بھی نہیں پتا کہ اس کا قبیلہ کون سا ہے اور اس کی شناخت کیا ہے۔ ہم ہمیشہ یہ کہتے ہیں کہ یہ دہشت گرد ہیں اور دوسری طرف سے آ رہے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ سدا بادشاہی صرف اللہ تعالیٰ کی ہے لیکن جتنی دیر اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ اقتدار دیا ہے وہ امانت کے طور پر استعمال ہونا چاہیے۔ راجہ صاحب نے بالکل درست کہا ہے لیکن یہ کہہ دینا کہ اگر یہ فیصلہ حکومت کا ہے تو یہ غلط ہے اگر خیبر پختونخوا حکومت کا ہے تو درست ہے، please ہمیں اس discussion میں نہیں جانا چاہیے۔

راجہ صاحب نے تیسری بات TTP agent کے بارے میں کی۔ ہم نے یہ کہا تھا کہ PTI کی اس حکومت کے کچھ لوگوں کا طالبان کے ساتھ direct تعلق ہے، وہ جب بھی کہیں گے ہم یہ ثابت بھی کر دیں گے اور دکھا بھی دیں گے ہر چیز کر دیں گے۔ ہمیں یہ بھی پتا تھا کہ کون کس کو کتنے پیسے دے رہا ہے یا کس سے کیا understanding کر رہا ہے، وہ پھر ایک لمبی اور سیاسی بحث ہے، میں اس میں نہیں جانا چاہوں گا لیکن یہ اس وقت بھی بات ہوئی، ابھی بھی ہوئی، جب آخری مرتبہ بات ہوئی لیکن ہم نے بالکل TTP کے agent کہا کیونکہ آپ کے بہت سے لوگ ان کے ساتھ ملے ہوئے ہیں اور اس کے بہت سے ثبوت ہیں، آپ جب کہیں گے ہم وہ سامنے لے آئیں گے۔

یہ ضرور پوچھیں خاص طور پر جو خیبر پختونخوا حکومت میں لوگ تھے کہ کیا تمام کی تمام چیزیں مراد سعید نے sabotage نہیں کیں، ان کی اپنی کابینہ کے لوگ کہہ رہے ہیں کہ ہمیں مراد سعید نے مروا دیا ہے۔ وہ فیصلے کر رہا تھا، Chief Minister فیصلے نہیں کر رہا تھا، اگر Chief Minister کو responsibility ملی تھی تو پھر وہ فیصلہ کرتا، وہ پیچھے مراد سعید سے کیوں فیصلے لے رہا تھا؟

یہ کہنا میرے خیال میں مناسب نہیں ہے کہ ہم ناکام ہو جائیں گے، ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے تمام law enforcement agencies کو دہشت گردی کے خلاف کامیاب کریں، مجھے اللہ تعالیٰ سے بڑی امید ہے کہ ہم کامیاب ہوں گے، ہم دہشت گردی کو ضرور ختم کریں گے اور جہاں تک وہاں کے نوجوانوں کی بات ہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ان نوجوانوں کو بھی ہم اپنے ساتھ لے کر چلیں گے، ہمارا کسی سے کوئی اختلاف نہیں ہے۔ ہم نے سب کو ساتھ لے کر چلنا ہے، ہمارا agenda صرف اور صرف terrorism ہے اور کچھ نہیں ہے۔

ایک اور چیز جس کے بارے میں بات کرنا بھی میرے خیال میں بہت ضروری ہے۔ راجہ صاحب نے کہا کہ ہم سے کیوں نہیں بات کی گئی کہ ہم راستہ دیتے ہیں، آپ یہاں پر بیٹھ کر احتجاج کرتے، ہم پرامن احتجاج کرتے۔ راجہ صاحب! میں آپ کو ایک قصہ سنانا چاہتا ہوں اور اس قصے کے راوی آپ کے اپنے لوگ ہیں۔ 25 نومبر کو جب دھاوا بولا جا رہا تھا، ہم نے کہا کہ ہم آپ کو جگہ دیتے ہیں، آپ وہاں پر پرامن احتجاج کریں، ہم آپ کے ساتھ بات چیت بھی کرتے ہیں، سب کچھ کرتے ہیں کیونکہ ماضی کا تجربہ آپ کو کئی چیزیں بتاتا اور سکھاتا ہے اور اس پر PTI ہر چیز کی راوی ہے۔ انہوں نے کہا نہیں، ہماری فون پر بات کرائی جائے اور ہم فون پر بات کریں گے تو ہم دھرنے کو postpone کریں گے یا ہم سنگجانی والی جگہ پر جائیں گے۔ ہم نے فون کرنے کی اجازت دے دی، فون پر بات کرائی گئی، جب بات ہو گئی، آدھی جماعت نے کہا کہ ہم تو مانتے ہی نہیں ہیں وہ تو Chief Minister کی بات کرائی ہے، اب ان کی بیگم صاحبہ کی بات کرائیں، ہم نے کہا آپ نے کہا کہ بات کرنی ہے تو ہم نے بات کروا دی ہے اب آپ یہ کہا کہہ رہے ہیں کہ کس کی بات کروائی ہے اور کس کی نہیں، انہوں نے کہا کہ ہم نہیں مانتے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تب

مانیں گے کہ جب آپ ویڈیو پیغام record کروائیں گے. آپ اندر سے message record کروائیں اور ہمیں لا کر دیں تو ہم مان جائیں گے۔ Prime Minister and President صاحب، سب نے کہا کہ کر دو کیونکہ ہمیں ایک ایک بندہ عزیز ہے، یہ اس وقت نادانی کر رہے ہیں لیکن آپ کر دیں۔ ہم نے بیرسٹر گوہر صاحب کو بلایا، ہم نے کہا کہ آپ جا کر video message record کر لیں، ہم نے record کرنا چاہا تو انہوں نے کہا کہ نہیں میں اپنی پارٹی کے کسی بندے سے record کرواؤں گا، ہم نے گوہر صاحب کو بلوایا، ہم نے ان سے کہا کہ آپ کے چیئرمین کہہ رہے ہیں آپ آ کر ویڈیو پیغام ریکارڈ کریں۔ ہم دو گھنٹے انتظار کرتے رہے، ہم نے کہا آپ نے تو انہیں پیغام ریکارڈ کروانے کے لیے بلایا تھا، انہوں نے کہا کہ میں کچھ لکھ رہا ہوں، دو گھنٹے کے بعد انہوں نے کہا کہ اچھا میں ریکارڈ کرتا ہوں۔

اب جیسے ہی ریکارڈنگ شروع ہوئی تو انہوں نے کہا کہ میری ایک شرط ہے کہ آپ گوہر کے موبائل سے ریکارڈنگ کریں، ہم نے کہا کہ آپ گوہر کے موبائل سے کر لیں۔ جیسے ہی ریکارڈنگ شروع ہوئی انہوں نے کہا کہ نہیں میں سلاخوں کے پیچھے جا کر ریکارڈ کرواؤں گا، ہم نے کہا یہ کیا ماجرا ہے، ابھی تو سب باتیں ہو گئی تھیں لیکن انہوں نے کہا کہ میں جیل میں ہوں اس لیے میں سلاخوں کے پیچھے جا کر پیغام ریکارڈ کرواؤں گا۔ میں نے اس وقت کسی سے نہیں پوچھا، Prime Minister and President صاحب سے میں نے کہا کہ ٹھیک ہے ہم سلاخوں کے پیچھے جا کر ریکارڈ کر لیتے ہیں، جب کرنا ہے تو مناسب نہیں ہے اور at least یہ سارا معاملہ حل ہو جائے گا۔ جب ہم انہیں سلاخوں کے پیچھے لے کر گئے، ان کے اپنے لوگ گواہ ہیں میں یہ باتیں اپنے سے نہیں کہہ رہا ہوں، میں صرف راجہ صاحب کو یہ بتانا چاہ رہا ہوں کہ ہمارا ماضی کا بھی تو تھوڑا سا تجربہ تھا، جب سلاخوں کے پیچھے گئے تو انہوں نے کہا کہ میں نے آج نہیں کرنا، کل کروں گا۔

اب آپ بتائیں، انہوں نے کہا میں نے آج ریکارڈ نہیں کرنا، میں کل ریکارڈ کروں گا، ہم نے کہا کہ وہاں دھرنا ہے اور آپ کی جماعت کہہ رہی ہے کہ آپ کا پیغام ریکارڈ کرنا ہے، انہوں نے کہا میں نے آج نہیں کرنا، کل میرے وکیلوں کو بلائیں، میں ان سے discuss کروں گا تو ان حالات کے بعد، ان تجربوں اور ایسی situation کے بعد پھر بھی مذاکرات ہوئے۔ ہم نے مذاکرات اسی پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر کیے۔ راجہ صاحب سے پوچھیں کہ مذاکرات کے لیے ہم نے رابطہ کیا تھا یا انہوں نے کیا تھا؟ ہم لوگوں نے کیا۔ ایسا کرنے سے ہماری عزت میں کوئی کمی نہیں آتی تھی کیونکہ ہم مسئلے کا حل چاہتے تھے۔ آخری رات کو 12 بجے تک، بخدا اس وقت پونے 12 بجے کا وقت تھا اور آخری فون اس وقت بھی کیا کہ خدارا، براہ مہربانی ابھی بھی ان چیزوں پر agree کر لیں تاکہ ہم کسی ایسے step پر نہ جائیں لیکن وہ نہیں ہوا تو ہمیں اس چیز کا ذمہ دار نہ ٹھہرائیں، please اپنے اندر وہ لوگ دیکھیں جنہوں نے اس جماعت اور اس حکومت کو یہاں تک پہنچایا ہے اور وہ اپنی ضد چھوڑنے کے لیے تیار

نہیں تھے۔ یقین کریں کہ ہم نے کوئی ضد نہیں کی۔ راجہ صاحب آپ اپنے دل سے پوچھیں، وہ چند لوگ تھے جنہوں نے یہ غلط step کروایا اور تمام لوگوں کو نقصان پہنچایا۔ میں یہ facts صرف اس لیے سامنے لانا چاہتا تھا کیونکہ چند چیزوں کے میں اور ہم سب راوی تھے اور جو آخری واقعہ جس بابت کہا گیا کہ ہم مذاکرات نہیں کرتے یا ہم اللہ معافی دے کہ کوئی غرور اور تکبر دکھاتے ہیں، اللہ تعالیٰ سے توبہ ہے، ہم تو جس حد تک جا سکتے تھے ہم گئے، کس حد تک request کر سکتے تھے، راجہ صاحب کو بھی پتا ہے، باقی ان کے colleagues کو بھی پتا ہے تو براہ مہربانی ان چیزوں کو side پر رکھیں، facts پر ضرور بات کریں، میں بھی حاضر ہوں، باقی لوگ بھی حاضر ہیں لیکن دوسری چیزوں کو بیچ میں یا سامنے نہ لائیں، بہت شکریہ۔ (جاری۔۔۔(T-08)

T08-13Oct2026 Ashfaq/Ed: Neelum 07:40 pm

سینیٹر محسن رضا نقوی (وزیر داخلہ۔۔۔جاری) : یہ جو دوسری چیزیں ہیں، ان کو درمیان میں سامنے نہ لائیں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. I appreciate the opposition

آپ نے بڑے غور اور تحمل سے سنا ہے۔ I give the floor to Senator Ali Zafar. رانا صاحب! میں معذرت چاہتا ہوں کہ اُن کو جانا تھا، تو اس لیے میں نے اُن کو floor دیا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی؟ وہ تو ایک ہی نظریہ ہے۔ نہیں، اپوزیشن کا تھوڑا سا نظریہ مختلف ہوتا ہے۔

Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: نہیں نظریہ اپنا اپنا ہوتا ہے، میں گفتگو کر لوں۔ جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ آپ نے آج کے session کا آغاز کیا اور یہ چند دن چلے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں صرف گورنر راج یا ایمرجنسی کی بات نہیں ہے بلکہ آج کا سیشن آئین اور اس پارلیمنٹ کا امتحان ہے۔ جناب چیئرمین! میں شروع کرنا چاہتا ہوں جو ابھی محسن نقوی صاحب نے اپنی تقریر کی اور شاید اب وہ چلے گئے ہیں لیکن ان کو میں جواب دینا چاہتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے آئین میں دکھایا جائے کہ ہم نے جو اقدام اٹھایا ہے وہ آئین میں کس طرح غلط ہے؟

جناب! تو میں اس پر تھوڑی سی بات ضرور کروں گا اور میرے سامنے آئین بھی ہے لیکن اس سے پہلے میں کہنا چاہوں گا کہ جب ہم بحران کی بات کرتے ہیں تو بحران میں آئین ہماری ڈھال ہے۔ آئین کا شکار کرنا جو آپ نے کیا ہے، اس کو میں اپنے سارے دوستوں کو واضح کرکے آج دکھاؤں گا کہ یہ کیسے آئین کا شکار کیا گیا ہے۔ حکومت نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی بھی لگا دی ہے، گورنر راج بھی لگا دیا ہے اور Chief

Speaker Provincial ، arrest کر لیا ہے ، Ministers کو بھی Minister کو گرفتار بھی کر لیا ہے۔ ہمارے دیگر Assembly کو بھی arrest کرلیا ہےاور باقی لوگوں کی بھی پکڑ دھکڑ ہو رہی ہے۔

جناب ! چیئرمین ! یہ سب نہ صرف غیر آئینی ہے بلکہ میں ایک ایسا لفظ استعمال کرنے لگا ہوں جو میں normally نہیں کرتا وہ یہ کہ یہ آئین شکنی ہےاور نہ صرف آئین شکنی ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ حکومت نے ریاست کو ایک ناقابلِ برداشت زخم پہنچا دیا ہے۔

جناب چیئرمین ! حکومت کا یہ کہنا ہےاور ہم نے یہ بات media پر سنی ہےاور وہ یہ کہنا ہے کہ ہم یہ اس لیے کر رہے ہیں کیونکہ صوبے میں دہشت گردی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ PTI کی صوبائی حکومت ہے وہ ہماری مدد نہیں کر رہی۔ آپ اگلے دنوں میں دیکھیے گا کہ اسی ایوان سے، اسی سینٹ سے، اسی نیشنل اسمبلی سے اور اسی پارلیمنٹ سے یہ اپنے غیر آئینی اقدام پر اور اسی آئین شکنی پر مہر بھی لگا دیں گے۔ مجھے پتا ہے کہ اس ایوان میں ہماری minority ہے، ہم گفتگو تو کر سکتے ہیں لیکن ان کو روک نہیں سکتے، ہم بے بس ہیں۔ یہ پھر بھی اس غیر آئینی اقدام پر اس پر مہر لگائیں گے۔

جناب ! میں record کے لیے کہنا چاہتا ہوں کہ جب تاریخ لکھی جائے گی تو دیکھا جائے گا کہ کون سے ایسے سینیٹر حضرات تھے اور کون سے ایسے Parliamentarians تھے جنہوں نے اس قسم کے اقدامات کی مخالفت کی اور وہ کون تھے، جنہوں نے آئین شکنی کو مانا بالکل اسی طرح جس طرح ضیاء الحق نے آئین شکنی کی تھی۔ اس point پر مجھے وہ قصہ یاد آتا ہے کہ ایک تاریخی speech جو Nelson Mandela نے کی تھی۔ ان کا trial ہو رہا تھا اور ان کو پتا تھا کہ عدالت ان کے خلاف ہی فیصلہ کرے گی، پہلے ہی سے فیصلہ طے ہو چکا تھا تو انہوں نے کہا کہ میں پھر بھی اپنا دفاع کروں گا اور میں اس لیے دفاع کروں گا کہ میں اپنی سزا معاف نہیں کرانا چاہتا یا کم نہیں کرانا چاہتا بلکہ میں اس لیے دفاع کروں گا کہ میں اس عدالت کو ایک forum کے طور پر استعمال کرنا چاہتا ہوں۔ میں اپنی آواز، اپنی جدوجہد کی داستان، اپنی جدوجہد کی وجہ، اپنی سچائی دنیا اور اپنی پوری قوم تک پہنچا سکوں۔ جناب ! میں آج ان کے سامنے اپنا موقف پیش کروں گا کہ یہ اقدام آئین کے خلاف کیوں ہے؟ مجھے پتا ہے کہ اس پہ مہر لگنی ہے، لیکن record کی خاطر پیش کروں گا، بالکل اسی طرح جس طرح Nelson Mandela نے پیش کیا تھا، میں record کے لیے اپنی بات اور گفتگو ضرور کرنا چاہوں گا۔

جناب ! دہشت گردی کا کوئی حامی نہیں ہے، میں پہلے ہی بڑی clarity سے بتا دوں۔ کوئی بھی اس ایوان میں شخص نہیں ہے، کوئی سینیٹر نہیں ہے، کوئی پارلیمنٹیرین نہیں ہے، کوئی پی ٹی آئی کا ممبر نہیں ہے، کوئی پی ایم ایل این کا ممبر نہیں ہے، کوئی پیپلز پارٹی کا ممبر نہیں ہے، کوئی بھی

پاکستانی نہیں ہے، آپ بھی نہیں ہیں اور میں بھی نہیں ہوں جو دہشت گردی کا حامی ہو۔ ہمارے سپاہی، ہماری فوج کے جوان، ہماری پولیس کے اہلکار، ہمارے بچے، ہمارے سیکیورٹی ایجنسیز کے لوگ، ان کی جانیں ہمارے لیے بہت عزیز ہیں۔ میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں، دہشت گردی ایک کینسر ہے، ہم نے اس کو ختم کرنا ہے اور ہر صورت میں ختم کرنا ہے، اگر کوئی دہشت گردی کے ساتھ ہوگا، کوئی سہولت کار ہوگا، کوئی اُن کے networkکا حصہ ہوگا، کوئی اُن کو مال غنیمت دیتا ہے، میں اس کے خلاف کھڑا ہوں گا اور جنگ میں شریک ہوں گا۔اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم سارے پاکستانی ہیں۔Pakistan comes first and it will always come first لیکن جناب! میری بات یاد رکھیں اور غور سے سنیں ہم دہشت گردی کو شکست دینے جارہے ہیں، ہم اس معاملے میں اکٹھے ہیں لیکن دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑتے لڑتے آئین کے اوپر جنگ نہ کریں، آئین کو تباہ نہ کریں، آئین کو توڑ پھوڑ کے نہ پھینک دیں، بنیادی حقوق ختم نہ کردیں۔ جناب! جمہوریت کو ردی کی ٹوکری میں نہ پھینکیں۔

جناب! حکومت سے دو تین سوال پوچھنا چاہتا ہوں۔ میں نے بتایا کہ ہم دہشت گردی کے خلاف ہیں، مجھے یہ بتائیں کہ آپ کو کون سا قانون اجازت دیتا ہے، کون سا آئین اجازت دیتا ہے کہ آپ دہشت گردی کی مد میں آپ ایک صوبے پر قبضہ کرلیں؟ یہ میرا پہلا سوال ہے۔

آئین کی کون سی شق کہتی ہے کہ آپ اس مد میں صوبے پر قبضہ کرلیں کہ اس صوبے میں دہشت گردی ہے۔ نمبر دو مجھے یہ بتایا جائے کہ آئین کی کون سی شق ہے جو یہ کہتی ہے کہ دہشت گردی کی مد میں آپ اپنی مخالف سیاسی جماعت، منتخب جماعت اور، منتخب حکومت کو ہٹادیں۔ مجھے دکھادیں آئین میں کوئی ایسی شق ہے جو یہ کہتی ہو۔ جناب! مجھے یہ بتائیں کہ Article 232 and Article 234 ہے، حکومت نے جس کے تحت یہ اقدامات اٹھائے ہیں۔آئین میں 232 اور 234 بالکل اختیار دیتا ہے کہ آپ غیر معمولی حالات میں گورنر راج بھی لگا سکتے ہیں اور ایمرجنسی بھی لگا سکتے ہیں لیکن یہ اجازت نہیں دیتا کہ آپ اس کو ایک weapon اور ہتھیار کے طور پر استعمال کریں۔ میرے سامنے آئین کے Articles 232 and 234 ہیں۔ میں آپ کے سامنے کچھ پڑھ کے سنانا چاہتا ہوں اور میرے خیال میں یہ ایسی چیز ہے کہ جب میں پڑھوں گا جو ہر کوئی سمجھ جائے گا۔ جناب! یہ Article 232 کیا کہتا ہے؟

If the President is satisfied that a grave emergency exists in which security of Pakistan or any part thereof is threatened by war or...........Contd.........T09

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری۔۔۔۔) میں آپ کے سامنے کچھ پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں اور جب میں یہ پڑھوں گا تو یہ ایسی چیز ہے جو میرے خیال میں ہر کوئی سمجھ جائے گا۔Article 232 کیا کہتا ہے؟

Article 232 (1) : If the President is satisfied that a grave emergency exists in which the security of Pakistan, or any part thereof, is threatened by war or external aggression, or by internal disturbance beyond the power of a Provincial Government to control, he may issue a Proclamation of Emergency:

اس قانون کی تین شقیں ہیں، پہلی شق یہ ہے کہ باہر سے کوئی فوج آجائے، war or external aggression, خدانخواستہ یہ position نہیں ہے۔اس کی دوسری شق یہ ہے کہ or by internal disturbance beyond the power of a Provincial Government to control, حکومت یہ کہتی ہے کہ دہشت گردی ہو رہی تو ہم نے emergency لگائی ہے۔ اگر میں انہیں پوری concession بھی دے دوں تو یہ اس شق میں آسکتے ہیں کہ کوئی internal disturbance ہے جو کہ صوبائی حکومت control نہیں کر سکتی، یہ terrorism کو internal disturbance کہتے ہیں۔ جناب! اگر یہ مانتے ہیں اور میں اس پر Leader of the House اور رانا صاحب کی attention چاہوں گا، دونوں بہت قابل constitutional experts ہیں and also Madam Sherry Rahman is sitting there, وہ بھی سینیٹ میں بہت عرصے سے ہیں اور انہوں نے آئین کو بہت closely دیکھا ہے۔اب میں اس سے آگے پڑھتا ہوں، اس میں proviso ہے، وہ کیا کہتا ہے، پہلے میں انگریزی میں اسے پڑھ دیتا ہوں اور اس کے بعد ترجمہ کر دوں گا:

Provided that for imposition of emergency due to internal disturbances beyond the powers of a Provincial Government to control, a resolution from the Provincial Assembly of that Province shall be required:

یعنی یہ کہتے ہیں کہ اگر آپ نے emergency اس لیے لگائی ہے کہ صوبے میں کوئی مسائل ہیں جنہیں صوبائی حکومت control نہیں کر سکتی، جس طرح ان کا کہنا کہ terrorism ہے تو پھر آئین کی کیا شرط ہے، آئین کی شرط یہ ہے کہ اگر internal disturbance ہو رہی ہے تو صوبائی اسمبلی یعنی KP کی صوبائی اسمبلی سے resolution pass کروائیں۔ جناب والا! یہ کوئی ویسے ہی ڈرامہ نہیں ہے یا یہ ویسے ہی کوئی provision نہیں ہے، یہ آئین کی ایک شق اور شرط ہے، یہ حدود طے کرتی ہے، کس پر حدود طے کرتی ہے، یہ صوبائی اور وفاقی طاقت پر حدود طے کرتی ہے، یہ ایک حد ہے کہ وفاق کب emergency لگا سکتا ہے جب صوبائی اسمبلی resolution pass کرے۔ اگر خدانخواستہ باہر سے کوئی آجائے تو پھر یہ requirement نہیں ہے لیکن اگر وفاق کا یہ الزام ہے کہ صوبہ دہشت گردی کو control نہیں کر پا رہا تو پھر internal disturbance کی وجہ سے resolution pass کروانی پڑے گی۔ میرا سوال ہے کہ وہ resolution کہاں ہے؟ یہ کہاں ہے آئین شکنی؟ ایسی چیز کیوں کر رہے ہیں کہ آئین کی ایک clear cut provision کو آپ نے توڑ دیا۔

جناب والا! Article 232 and 234 دونوں آپ نے بھی پڑھے ہیں، یہ غیر معمولی حالات میں جب بہت غیر معمولی حالات ہو جائیں تو حکومت کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ گورنر راج یا emergency لگا سکتی ہے لیکن یہ فیصلہ حکومت اپنی من مانی پر نہیں کر سکتی، یہ فیصلہ آئین کے ماتحت ہی ہوگا اور آئین جو کہتا ہے یہ فیصلہ صرف اور صرف اس کے تابع ہے۔ جب حکوت یہ کہتی ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت دہشت گرد حکومت ہے، یہ سہولت کار ہے اور ہم نے انہیں ہٹایا۔ میں ان سے درخواست کروں گا اور آپ آج ہی order کریں کہ یہ record لے کر آئیں، پارلیمنٹ سے مہر لگوانے سے پہلے وہ پیش کریں اور دکھائیں کہ کہاں ہے پی ٹی آئی کی حکومت جس پر الزام لگایا ہے کہ ہم دہشت گرد ہیں۔ جناب والا! اس کے ساتھ چوتھی چیز بھی آج یا کل پیش کریں کہ آپ نے صدر صاحب کو جو summary بھیجی کہ یہ یہ کچھ ہو رہا ہے، یہ وجوہات ہیں، آپ آئین کے Article 232 and 234 پر عملدرآمد کر کے proclamation کریں، ہمیں وہ summary دیکھنی ہے۔ اس لیے ان سے کہا جائے کہ اگر دم ہے تو وہ summary پیش کریں تاکہ ہم اس کو بھی دیکھیں اور اس پر بات چیت کریں۔

جناب والا! یہ کہتے ہیں کہ یہ security کا معاملہ ہے، اصل فیصلہ کیا تھا، کیا ہوا جو ابھی محسن صاحب نے بتایا، میں اس meeting میں نہیں تھا لیکن میری Leader of the Opposition اور دوسرے ساتھیوں سے جو بات ہوئی، وہ اس کے بالکل برعکس ہے جو محسن صاحب نے بتایا۔ میں تھوڑے سے حقائق آپ کو بتاؤں گا، security کا مسئلہ بناتے ہیں لیکن قوم کو پتا ہے کہ اصل مسئلہ کیا ہے، اصل مسئلہ سیاسی ہے۔ جب انہوں نے emergency لگائی، لانگ مارچ تھا، خان صاحب کے ساتھ ملاقات نہیں ہو رہی تھی، خان صاحب بیمار تھے، ان کی

بیماری کی خبریں گردش کر رہی تھیں، لوگ بے چین تھے، سیاسی ماحول بہت گرم تھا اور ان سے handle نہیں ہو رہا تھا۔ انہوں نے سوچا کہ ہم کیا یکدم چیز لائیں، ہم دہشت گردی، security کو بہانہ بنا کر ایک صوبے پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ جناب والا! میرا یہ کہنا ہے کہ ان کی جو timing تھی، دہشت گردی دو، تین سالوں سے چل رہی ہے، انہیں اُس وقت یہ یاد نہیں آیا، یہ کب یاد آیا جب ہمارا لانگ مارچ چل رہا تھا، جب ہم خان صاحب سے ملنے جا رہے تھے، اس وقت انہیں یہ یاد آیا۔ انہوں نے پہلے سے ہی تیاری پکڑی ہوئی تھی اور جو مذاکرات تھے، بدقسمتی سے، میں نہیں جانتا کہ ان کی کیا نیت تھی لیکن لگتا یہ ہے کہ ان مذاکرات کو پہلے سے ہی fail کرنے کا ارادہ تھا۔ آج ہماری meeting بھی ہوئی جس میں ہمیں بتایا گیا کہ صبح تک تو فیصلہ ہو گیا تھا کہ شاید یہ کسی معاہدے پر دستخط کریں گے، مولانا فضل الرحمٰن صاحب نے بتایا کہ اس کے دو، تین گھنٹوں بعد حکومت نے خود ہی اپنا فیصلہ بدل دیا۔ جناب! بدقسمتی سے اب یہ معاملہ صرف پی ٹی آئی کا نہیں رہ گیا، اب یہ معاملہ پورے ملک کا بن گیا ہے، اب یہ معاملہ صوبائی خود مختاری کا بن گیا ہے، اب یہ معاملہ وفاق کے نظام کا بن گیا ہے اور یہ بنیادی حقوق کا بن گیا ہے۔ اب یہ معاملہ ایسا ہو گیا ہے کہ شاید بہت جلد اس کے سنگین نتائج ہمارے نظر آنا شروع ہو جائیں، یہ بہت بڑی غلطی کر دی گئی ہے۔ میں ابھی بھی کہتا ہوں اور جو Leader of the Opposition نے کہا، میں اس کی حمایت میں کہتا ہوں کہ ابھی بھی موقع ہے کہ ہم اپنے قدم بجائے آگے بڑھانے کے پیچھے اٹھائیں، ابھی بھی بیٹھیں اور پاکستان کے بارے میں سوچیں۔

جناب چیئرمین! میں نے ابھی ایک ہی شق کو point out کیا تھا۔ میں آپ کو Article 234 کی طرف لے کر جانا چاہتا ہوں۔ آپ نے دیکھا کہ Article 232 کو غیر آئینی طریقے سے نافذ کیا گیا۔ Article 234 کیا کہتا ہے؛

> **234.** (1) If the President, on receipt of a report from the Governor of a Province is satisfied that a situation has arisen in which the Government of the Province cannot be carried on in accordance with the provisions of the Constitution, the President may, or if a resolution in this behalf is passed [by each House separately] shall, by Proclamation,

(a) assume to himself, or direct the Governor of the Province to assume on behalf of the President, all or any of the functions of the Government of the Province,

آسان الفاظ میں یہ کہتا ہے، اگر Leader of the House آپ غور سے دیکھیں اور سنیں تو Article 234 کیا کہتا ہے، وہ یہ کہتا ہے کہ صدر صاحب کو ایک report جائے گی اور report میں کیا درج ہوگا کہ حکومت آئین کے مطابق نہیں چل سکتی۔ (جاری۔۔T/10)

T10-13Oct2026 FAZAL/ED: Shakeel 08:00 pm

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری ہے۔۔۔) اور رپورٹ میں کیا درج ہوگا کہ حکومت آئین کے مطابق نہیں چل سکتی۔ اگر وہ رپورٹ ایسی آئے اور صدر صاحب اس رپورٹ اور اس کے ثبوتوں کو دیکھنے کے بعد یہ فیصلہ کریں، تو پھر وہ Article 234 کے تحت Governor's Rule لگا سکتے ہیں۔

اس وقت خیبر پختونخوا کی کیا صورتِ حال تھی جب یہ ہوا؟ وہاں Chief Minister بھی تھے، ان کی کابینہ بھی تھی، اسمبلی بھی تھی اور وہ سب کام کر رہے تھے۔ وہاں High Courts بھی تھے، Administrative Units بھی تھے، تمام ادارے کام کر رہے تھے اور بجٹ بھی پاس ہو چکا تھا۔ تو ایسی کون سی چیز تھی جس کی وجہ سے حکومت آئین کے مطابق نہیں چل سکتی تھی؟ وہ کون سی ایسی چیز تھی جس کے بارے میں حکومت کہتی ہے کہ جناب! یہ مسئلہ تھا جس کی وجہ سے Article 234 کی شرط پوری ہوتی ہے؟ اسی لیے میں نے رپورٹ منگوائی ہے۔ وہ رپورٹ جو صدر صاحب کو بھیجی گئی ہے وہ اس ایوان تک پہنچنی چاہیے۔ ہم اسے دیکھیں گے اور دیکھنے کے بعد فیصلہ کریں گے کہ یہ درست ہے یا نہیں۔

اب جناب! تھوڑا آگے چلتے ہیں۔ حکومت نے اس سارے معاملے کے ساتھ ایک اور کام بڑا عجیب و غریب کیا ہے اور وہ یہ کہ Chief Minister کو ہٹا کر اپنے لوگ Ministers لگا دیے۔ Chief Minister کو ہٹانا اور ان کی کابینہ کو ہٹانا، میں بڑی غور سے سوچ رہا تھا کہ آئین کی کون سی شق میں لکھا ہے کہ آپ ایمرجنسی میں Chief Minister اور ان کی کابینہ کو بھی ہٹا سکتے ہیں؟ میں نے بہت غور سے پڑھا۔ میرا اگلا سوال یہ ہے کہ مجھے بتائیے، Article 234 میں یا Article 232 میں کہاں لکھا ہے کہ آپ Chief Minister کو ہٹا سکتے ہیں اور ان کی کابینہ ختم کر سکتے ہیں؟ جناب، اس کے ساتھ یہ بھی بتا دیں کہ آئین میں Article 232 یا Article 234 میں کہاں لکھا

ہے کہ ایک Chief Minister اور Provincial Ministers کو آپ اٹھا کر جیلوں میں بھی ڈال سکتے ہیں؟ یہ کون سی شق ہے، Article 232 یا Article 234 کی؟ یہ بھی بتا دیجیے۔

جناب! کوئی بھی Speaker ہو، چاہے National Assembly کا ہو یا کسی اور ادارے کا، کیا اسے بھی اسی طرح اٹھا لیا جائے گا کہ جی، ایمرجنسی ہے اور ایمرجنسی میں ہم یہ کرنا چاہتے ہیں؟ جناب! اس معاملے میں میرے والد صاحب کا ایک بڑا مشہور مقدمہ ہے۔ وہ بھی غور سے سن لیں کہ عدالت نے Article 234 کے بارے میں کیا کہا تھا۔ President of Pakistan لغاری صاحب تھے اور پنجاب کے Chief Minister وٹو صاحب تھے۔ وٹو صاحب کو انہی شقوں کے تحت ہٹا دیا گیا تھا، جن کے تحت خیبر پختونخوا کی حکومت ہٹائی گئی۔ لاہور ہائی کورٹ میں مقدمہ چلا۔ پوری پریس، میڈیا اور High Court کے سینئر ججز پر مشتمل Full Bench موجود تھی۔ انہوں نے کیا فیصلہ کیا؟ پہلے تو ان سے کہا گیا کہ جناب! آپ اس کیس کی سماعت ہی نہیں کر سکتے کیونکہ آئین میں اس کی اجازت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین ایسی کوئی بات نہیں کرتا۔

دوسری بات، ان سے کہا گیا کہ جناب! ہمارے مطابق ایمرجنسی تھی اور حکومت ٹھیک طریقے سے کام نہیں کر رہی تھی، اس لیے President صاحب نے یہ قدم اٹھایا۔ تو عدالت نے کیا کہا؟ عدالت نے کہا کہ نہیں، ایسا نہیں ہو سکتا۔ آپ ثبوت پیش کریں، ایسے ثبوت لائیں جنہیں عدالت تسلیم کرے۔ صرف سنی سنائی باتیں کافی نہیں ہیں۔ آپ ہمارے سامنے ثبوت پیش کریں کہ حکومت نہیں چل سکتی۔ اور اگر آپ کہتے ہیں کہ حکومت نہیں چل سکتی، تو پہلے اسمبلی کے پاس جائیں۔ اگر اسمبلی کہتی ہے کہ ہمارا Chief Minister حکومت نہیں چلا سکتا، تو پھر ہم فیصلہ کریں گے کہ واقعی حکومت نہیں چل سکتی۔ یہاں بیٹھے ہوئے President صاحب خود ایسا فیصلہ نہیں کر سکتے۔ تو میری نظر میں منظور وٹو کیس بھی حکومت کو پڑھنا چاہیے اور اسے پڑھ کر، سمجھ کر آنا چاہیے کہ آئین کی یہ شق کیا کہتی ہے۔

جناب چیئرمین! آخری وارننگ، میں حکومت کو آخری وارننگ دینا چاہتا ہوں۔ میں حکومت کو خبردار کرنا چاہتا ہوں، پہلی بات یہ ہے کہ آپ انتظامیہ کو اپنے کنٹرول میں تو لے سکتے ہیں۔ آپ کے پاس طاقت ہے، آپ کے پاس اختیار ہے، آپ نے ایسا کر لیا۔ آپ Notifications اور Proclamation بھی جاری کر سکتے ہیں، یہ اختیار بھی آپ کے پاس ہے۔ لیکن ایک بات یاد رکھیے، عوام کا اعتماد آپ زبردستی حاصل نہیں کر سکتے۔ عوام کو سب پتا ہے۔ آپ حکومت کو بھی ہٹا سکتے ہیں، بالکل ہٹا سکتے ہیں۔ آپ نے ہٹا دی۔ لیکن رانا صاحب! آپ سوچ کو قید نہیں کر سکتے۔ آپ سیاسی آزادی کو تو قید کر سکتے ہیں، لیکن ایک تحریک اور جمہوری حقوق کو ختم نہیں کر سکتے۔ سیکورٹی ہم سب کو

عزیز ہے۔ سیکورٹی اور دہشت گردی ساتھ ساتھ چلتی ہیں۔ ہم نے دہشت گردی ختم کرنی ہے، لیکن اس کی آڑ میں آپ اپنے سیاسی مخالفین کو دبا نہیں سکتے اور اپنے سیاسی مقاصد حاصل نہیں کر سکتے۔ آپ آج صرف ہمیں، یعنی PTI کو نقصان نہیں پہنچا رہے، بلکہ آپ اپنے آپ کو بھی نقصان پہنچا رہے ہیں and worst of all sir, آپ پاکستان کو بھی نقصان پہنچا رہے ہیں۔

آپ آئین کو یاد رکھیں۔ قومی سلامتی کی راہ میں آئین کوئی رکاوٹ نہیں ہے، بالکل نہیں۔ بلکہ آئین قومی سلامتی کی بنیاد ہے۔ جس طرح آپ آئین کو توڑ رہے ہیں اور اسے تباہ کر رہے ہیں، آپ ریاست کی بنیادیں کمزور کر رہے ہیں۔ آپ یاد رکھیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہم نے جیتنی ہے، ان شاء اللہ جیتیں گے، بالکل جیتیں گے۔ ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ لیکن اس جنگ میں ہم آئین اور جمہوریت کو ہارنے نہیں دیں گے۔ ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ جیتیں گے، لیکن آئین اور جمہوریت کو ہم ہارنے نہیں دیں گے۔ جناب چیئرمین! ابھی بھی موقع ہے۔ میں نے آپ کو آئین کی کچھ شقیں دکھا دیں۔ میری پہلی request حکومت سے یہ ہے کہ آپ خود ہی اس کو ریورس کریں، اس معاملے پر ہمارے ساتھ بیٹھیں اور بات کریں۔ دوسری request میں اپنے ساتھیوں سے کروں گا کہ آپ نے یہ آئین دیکھ لیا۔ آئین پڑھ لیں۔ یہ آئین کی خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ اس پر مہر نہ لگایئے گا۔ مجھے پتا ہے کہ آپ نے پہلے کیا ہے لیکن اس کو ذرا پڑھ کر آگے چلائیں۔ اس کو سمجھ کر آگے چلائیں۔ اس پر مہر نہ لگائیں۔ اس پر debate کریں اور آنے دیں وہ ریکارڈ جو میں نے مانگا ہے۔ وہ ریکارڈ جو President کو سمری میں دیا گیا ہے اور وہ ریکارڈ جس میں آپ کہتے ہیں کہ PTI کی حکومت دہشت گرد قرار دے تو ہم باقی آگے چلائیں گے۔ Thank you, sir.

Mr. Chairman: Yes, Leader of the House.

Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد ایوان): جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ اب ہم ہر ایک ساتھی کا جواب دیں گے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ Honourable Leader of the Opposition اور جناب سینیٹر علی ظفر صاحب نے جو باتیں کہی ہیں، ان پر اس ہاؤس کو شاید توقع ہوگی کہ کچھ لوگ بات کریں گے، لیکن It's an open house, and we must express our opinions. That's the beauty of democracy. لیکن یہاں کچھ چیزیں ہیں جنہیں clear کرنا بہت ضروری ہے۔ بات یہ ہے کہ سب سے پہلے جناب علی ظفر صاحب نے جو constitutional نکات اٹھائے ہیں، میں کوشش کرتا ہوں۔ میں ان کی طرح Barrister تو

نہیں ہوں، لیکن ان کے والد صاحب کے ساتھ ساری زندگی ہم بھی انہی دونوں ایوانوں میں یہ کام کرتے رہے۔ آپ بھی جب Prime Minister تھے اور Speaker بھی تھے۔ (جاری ہے۔۔۔۔T11)

T11-13Oct2026 Taj/Ed. Mariam 08:10 p.m.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: (جاری) آپ بھی جب وزیراعظم تھے، اسپیکر بھی تھے۔ دیکھیں، please be fair when you read the Constitution, No. 1. آپ تو selective نہ ہوں۔ اور میں آپ کو جواب دیتا ہوں، پھر میں general بھی عرض کروں گا، میرا خیال ہے کہ اندھے کو بھی پتا ہے کہ اس وقت کیا ضرورت تھی۔ اس پر بعد میں آتا ہوں، میں پہلے آپ کا legal جواب دے دوں۔ آپ نے فرمایا کہ Article 232: if the President is satisfied that a grave emergency exists in which the security of Pakistan, or any part thereof, is threatened by war or external aggression. یہ جو کچھ روز ہو رہا ہے، وہ external aggression نہیں ہے تو کیا ہے۔ وہ زمانے گئے کہ جب فوج گھوڑوں پر آتی تھی۔ یہ ایک external aggression ہے کہ پچھلے تین چار سال میں جناب وزیراعلیٰ آفریدی صاحب سے پہلے جو number of terrorist attacks تھے، وہ تین سال میں 2900 کے قریب تھے اور یہ جب سے آئے ہیں in less than a year 3,000 cross کر چکے ہیں، almost more than double. تو خدا کے لیے، اگر آپ تین سال کا دیکھیں تو one-third ہونا چاہیے نمبر۔ دوسرا یہ کہ external aggression, or by internal disturbance beyond the power of a Provincial Government to control, he may issue a proclamation of emergency. انہوں نے پہلا proviso تو پڑھ دیا۔ میں اس کو بالکل مانتا ہوں، آئین کا حصہ ہے، اٹھارھویں ترمیم میں ہم سب اکٹھے تھے، کافی ساتھی اس وقت ادھر ہیں لیکن انہوں نے conveniently دوسرا proviso نہیں پڑھا۔ Obviously it does not suit him. اگلا کہتا ہے کہ provided further that if the President acts on his own, the proclamation of emergency shall be placed before both Houses of Majlis-e-Shoora (Parliament) for approval by each House within ten days. تو آج تیسرا دن ہے، ان شاءاللہ دس دن کے اندر اس ایوان میں بھی پیش ہوگا اور دوسرے ایوان میں بھی پیش ہوگا۔ یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ کوئی یہ سوچے کہ آئین کی خلاف ورزی کرنی ہے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: میں عرض کرتا ہوں۔ اس طرح نہ کریں، آپ جانتے ہیں۔ دیکھیں، میں نے پہلے confess کر لیا ہے کہ آپ ماشاءاللہ بیرسٹر ہیں لیکن میں بھی اللہ کے فضل سے پینتیس، چالیس سال سے ان ایوانوں میں رہا ہوں اور as Chartered Accountant. You know they are known as half of the lawyer. آپ نے کہا جی کہ اگر یہ ہے بھی سارا کچھ تو کیا ضرورت ہے یعنی کس کے تحت وفاقی حکومت action لے رہی ہے Advisory Council لگانے کی تو میں آپ جناب کی توجہ Article 232 (2) پر لاتا ہوں، جناب! (b) and (c) بھی پڑھ لیں۔ وہ کیا کہتی ہے۔ There are consequential actions after you proclaim the emergency. وہ کیا کہتی ہے۔ Notwithstanding anything in the Constitution, while a proclamation of emergency is in force –

پہلی، مجلس شوریٰ کے متعلق ہے۔ (a) Majlis-e-Shoora (Parliament) shall have power to make laws for a Province, or any part thereof, with respect to any matter not enumerated in the Federal Legislative List. So that means جو آپ نے Concurrent List بھی abolish کی، سارا کچھ، وہ virtually you can do all the business by the Federal Government in the Majlis-e-Shoora (Parliament).

(b) the executive authority of the Federation shall extend to the giving of directions to a Province as to the manner in which the executive authority of the Province is to be exercised; and more important;

(c) the Federal Government may by Order assume to itself, or direct the Governor of a Province to assume on behalf of the Federal Government, all or any of the functions of the Government of the Province, and all or any of the powers vested in, or exercisable by, anybody or authority in the Province other than the Provincial Assembly, and make such incidental and consequential provisions as appear to the Federal Government to be necessary or desirable for giving effect to

the objects of the Proclamation, including provisions for suspending, in whole or in part, the operation of any provisions of the Constitution relating to anybody or authority in the Province.

میرا خیال ہے کہ اس کے بعد، میں expect نہیں کرتا تھا لیکن perhaps ظاہر ہے کہ میرے تو بھتیجے لگتے ہیں جی، Ali Zafar Sahib has to justify, sitting on the opposition side, if you are a neutral lawyer or engaged by the Government. He was not in the House. I am sure that his honourable late father or he himself would be quoting these provisions, if this argument is raised in any court of law, in any petition. تو میرا خیال ہے کہ یہ نہ کریں۔اور میں general بھی بات کرتا ہوں، میں اس سے پہلے specific Constitutional جو آپ نے فرمایا، اس کا جواب دے رہا ہوں۔آپ نے Article 234 میں فرمایا کہ

if the President, on receipt of a report from the Governor of a Province is satisfied that a situation has arisen in which the Government of the Province cannot be carried on in accordance with the provisions of the Constitution, the President may, or if a resolution in this behalf is passed [by each House separately] shall, by Proclamation.

(a) Assume to himself, or direct the Governor of the Province to assume on behalf of the President, all or any of the functions of the Government of the Province, and all or any of the powers vested in, or exercisable by, anybody or authority in the Province, other than the Provincial Assembly;

میں گزارش کروں گا، میرا خیال ہے کہ let's be very honest, what has been happening in this country and in this Province. ایک طرف political reconciliation ہے، میں سب سے بڑا حامی ہوں اور میں 126 دن کا دھرنا اٹھانے والوں میں سے key person تھا۔ History will record that those were present in

that, اس میں دونوں بلکہ دونوں نہیں، تمام جماعتیں ایک طرف تھیں اور پی ٹی آئی ایک طرف تھی۔ اسی پارلیمنٹ میں، اسی وزیراعظم چیمبر میں daily meetings ہوتی تھیں۔ ان ہی جنگلوں میں شلواریں لٹکتی تھیں اور اسی ڈی چوک میں قبریں بنائی جاتی تھیں۔ Let's not go in that. So I would have been the biggest supporter of reconciliation and we have tried our best. Prime Minister has offered multiple times. لیکن یہ کمیٹی کس لیے بنی تھی۔ دونوں اطراف سے یہ کمیٹی کس لیے بنی تھی۔ میں اس کا بھی جواب دیتا ہوں جو مولانا صاحب نے کہا۔ اس کا بھی جواب عرض کروں گا۔ You have to be taken in the entire picture. بات یہ ہے کہ political reconciliation تو ایک طرف ہے، things have gone much beyond. آپ مجھے یہ بتائیں۔ I don't want to go into political point scoring or comparison. کیا یہ ملک 2017, 2018 میں Global Economy 24th نہیں تھا۔ کیا اس ملک کے متعلق یہ نہیں کہا جاتا تھا best macro indicators, 3.59% inflation, 6.3% growth, highest foreign exchange reserves, 5.25% policy rate and then export refinance تھی، کیا وہ وقت اچھا تھا۔ اگر 2022 کو compare کریں۔ اس کے بعد I mean obviously everybody has a right to be elected and the PTI was elected and came into power but where did you take the Government? By 2022, the 24th Global Economy which was projected to be part of the G20, the Global Economic Premium Club, that dived down to 47th Global Economy. All indicators were just gone for the six and Pakistan was declared to be defaulting any day. That was the time when I was requested to take the Finance again in 2022. These are the facts. آپ کھلے دل سے سوچیں۔ کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ اگر Let's be very frank. آپ کو بھی یاد ہوگا۔ چیزیں ٹھیک ہوں گی تو چیزیں دوسری direction میں بھی جاتی ہیں اور جانی چاہییں لیکن as of now دونوں طرف کی پارٹیوں نے پوری محنت کی اور پوری طرح ہمت کر کے کسی جگہ پر پہنچنے کی کوشش کی لیکن اس کے باوجود کیا ہوا۔ اس کے باوجود اس رات کو جو sign ہونا تھا۔ Rana Sahib, you can correct me. جو آپ نے بتایا۔ Because first time, I was not in this Reconciliation Committee. اور کیا ہوا، انہوں نے کہا کہ ہم جا کر بات کریں گے۔ اس کے بعد انہوں نے وزیر اعلیٰ صاحب

سے consultation کی۔ اور اس کے بعد کیا ہوا۔ انہوں نے کہا یعنی virtually they refused. پھر مولانا صاحب کی طرف آ جاتے ہیں۔ دیکھیں political reconciliation تو ہو جاتی ہے جب other things are being equal. Other things have gone very bad and in a very wrong direction in this country and particularly in this Province. تیرہ سال میں I was part of those people who supported in the NFC negotiation, one per cent extra from the gross pool to be given to KP to prepare itself in war against terror جو across the border سے ہو رہی تھی۔ آٹھ سو ارب روپے جا چکا ہے، علی ظفر صاحب! موقع ملے تو پوچھیں کہ وہاں پر کہاں خرچ ہوا ہے۔ کون سی آپ نے CTD وہاں پر کھڑی کی ہے۔ آپ نے کون سا پیسا law enforcing agencies پر خرچ کیا ہے، آپ نے اس کو بجٹ کا حصہ بنا کر اِدھر اُدھر اڑا دیا۔ ابھی تک آپ نے وہاں پر forensic lab تک کھڑی نہیں کی۔ دیکھیں خدا کے لیے! ہم سب پاکستانی ہیں۔ I am not claiming that we are more Pakistani. Everybody, you know, has the same loyalty لیکن کچھ سوچیں، reflect کریں کہ کدھر پاکستان جا چکا ہے، کدھر خاص کر صوبہ جا چکا ہے۔ کئی لوگ کہتے ہیں کہ بلوچستان میں بھی ہو رہا ہے، وہاں بھی کریں، بھائی Balochistan Government is fully onboard. There have been a number of meetings of the Apex Committee. Prime Minister has been there. Chief of Defence Forces has been there. Full National Security Committee has been there multiple times. دیکھیں ابھی ہم مل کر اور آپ خود کہہ رہے ہیں کہ دہشت گردی کو ہم نے مل کر ختم کرنی ہے۔ مولانا صاحب کو میں نے چار چیزیں کہیں۔ مولانا صاحب جب تشریف لائے، وہ کمیٹی والی، things had gone far beyond.. ان کو یہ کہا کہ یہ کابینہ میں پیش کریں گے۔ جو کابینہ کا فیصلہ ہوگا وہ آپ سے share کریں گے۔ (جاری۔۔۔T12)

T12-13Oct2026 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 8:20 pm

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: (جاری) مولانا صاحب جب تشریف لائے، انہوں نے وہ کمیٹی والی جو بات تھی، things had gone far beyond اور ان کو یہ کہا کہ جی، کابینہ میں پیش کریں گے۔ جو کابینہ کا فیصلہ ہوگا، آپ سے شیئر کریں گے۔ چونکہ مولانا صاحب نے اس کو public کیا ہے میں اس کا بھی جواب دے رہا ہوں۔ کابینہ میں ان کا proposal پیش کیا گیا لیکن کابینہ نے کہا کہ یہ کتنی دیر چلے گا۔ Chief

Minister صاحب تو کبھی سندھ ہوتے ہیں، کبھی پنجاب ہوتے ہیں، وہ تو لوگوں کو mobilize کر رہے ہیں اور resources کس کے استعمال ہو رہے ہیں۔ آپ ثابت کر دیں کہ PTI کے اپنے account سے ہوئے ہیں، صوبے سے نہیں ہوئے۔ We have got all the access to record کہ صوبے کے resources استعمال ہو رہے تھے، صوبے کا سارا infrastructure استعمال ہو رہا تھا۔

خدا کے لیے سوچیں، ہم سب کا ایک ایک انچ پاکستان کا ہے۔ we are all common citizens of this country. تیرہ سال ہم نے یہ بربادی ہوتے دیکھی ہے۔ I think cabinet rightly decided that the political reconciliation is over. چاہے سو دفعہ آپ reconciliation کریں، اس وقت اس چیز کو حل کریں، آپ نے خود بھی فرمایا کہ ہم اس کے ساتھ ہیں، terrorism کا مسئلہ حل کریں۔ آپ federal government اور وہ مل کر کریں۔ چیف منسٹر صاحب نے اپنا جو conduct ظاہر کیا ہے since he has become Chief Minister, he has been unable to perform to do anything any improvement. میں نے آپ کو ابھی number دیا ہے کہ جو تین سال کا statistic ہے اس کے almost same بلکہ ذرا زیادہ ایک سال میں terrorist attacks ہوئے۔ Can we afford this thing? دنیا میں کہیں ہرمز میں جنگ لگی ہے، کہیں باب المندب میں لگی ہے، ہمارے لیے وہ external problems ہیں۔ Energy prices have gone up, country is trying to just look after the two wheelers and three wheelers. وہ گیارہ ملین سے زیادہ ہیں۔ اگر آپ پانچ لوگوں کی family کریں تو پچپن ملین لوگ beneficiary ہو رہے ہیں but it is huge, billions of rupees is the cost. خدا کے لیے آپ ان چیزوں کو دیکھیں۔ حالات اس نہج پہ پہنچ چکے ہیں۔

میں نے مولانا صاحب کو کہا، کابینہ سے مجھے جب یہ ساری sense ہوئی تو انہوں نے چار چیزیں کہیں۔ کابینہ نے کہا جی کہ پھر یہ اپنا Chief Minister تبدیل کر لیں۔ نمبر دو، یہ terrorism کے خلاف بات کریں، یہ terrorism کو denounce کریں۔ آپ مجھے بتائیں please put your hand on your heart and just خود سوچیں، چلو بتائیں بھی نہ کہ کتنی دفعہ PTI نے اور اس کی leadership نے terrorist acts کو denounce کیا۔ جب جعفر ایکسپریس ٹرین پر حملہ ہوا، کیا آپ کی پارٹی نے

اسے denounce کیا؟آپ ابھی ان کی تقریریں سنیں۔ وہ اپنے ان چند ہفتوں میں کیا باتیں کر رہے تھے؟ Just to mobilize and provoke people against the country. آگ لگانا چاہتے ہیں سارے ملک کو۔ کابینہ نے rightly کہا کہ یہ نہیں ہو گا۔ پرائم منسٹر صاحب! آپ کی first ask یہ ہونی چاہیے کہ آپ Chief Minister بدلیں۔ کوئی بری بات نہیں، کیا بات ہے، ہوتے رہتے ہیں، changes آتی رہتی ہیں۔ اگر وہ perform نہیں کر سکے اور ان کا conduct is totally unbecoming as a Chief Minister. He is Chief Minister of KP کتنے دن گزارے ہیں انہوں نے KP میں اور resources آپ عوام کے استعمال کر رہے ہیں۔ وسائل صوبے کے ہیں، آپ ہر چیز کر رہے ہیں اور آپ جا کے دوسرے صوبوں میں provoke کر رہے ہیں اور mobilize کر رہے ہیں۔ وہی 9th May کو آپ دوبارہ لانا چاہتے ہیں۔ خدا کے لیے اگر 9th May نہ ہوئی ہوتی، میرے جیسا بندہ جس نے ایک سو چھبیس دن کا دھرنا اٹھوایا تھا negotiate کر کے آپ کی team سے۔ پوچھیں، آپ کے پرانے سارے leaders زندہ ہیں اللہ کے فضل سے، اللہ ان کو زندگی دے including Imran Khan knows everything. Finally when it broke, then Jahangir Tareen and myself دو بندے تھے، میاں نواز شریف اور عمران خان کو پتا تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔ Eventually we had been reached to a level where all both original parties sat and we finalized that deal. لہٰذا، میں تو حامی ہوں reconciliation کا لیکن political reconciliation سے معاملہ بہت آگے جا چکا ہے۔

ہمیں مل کے ایک دفعہ terrorism کو شکست دینی ہے۔ اس صوبے میں جو development fund آٹھ سو ارب کے قریب جا چکا ہے، جناب چیئرمین! ایک فیصد gross pool سے which means کہ آپ نے federal government سے حصہ لے لیا، سارے صوبوں نے دیا اور خوشی سے دیا۔ آپ کو یاد ہو گا آپ نے گوادر میں جا کر NFC ایوارڈ sign کیا تھا۔ شوکت ترین آپ کے ساتھ finance minister تھے۔ ایک بھی constitutional NFC matter resolve نہیں ہوا تھا when they reached Lahore. لاہور میں 90 شاہراہ قائداعظم پر تین دن یہ چاروں Chief Ministers بیٹھے، شوکت ترین، میں، ہم نے ان کی پوری مدد کی۔ Eventually ایک per cent war on terror agree ہوا اور وہ آج تک مل رہا ہے کیونکہ NFC revise نہیں ہوا لیکن war on terror پہ خرچ ہونے کی بجائے وہ پتا نہیں general pool میں جاتا رہا اور پتا نہیں کہاں خرچ ہوتا

رہا۔ Obviously accounts will tell لیکن یہ بات established ہے کہ وہاں counter terrorism کے لیے، اپنا infrastructure کھڑا کرنے کے لیے، forensic labs قائم کرنے اور اپنی law enforcing agencies کو equip کرنے کے لیے frankly تیرہ سالوں میں ہماری KP government کچھ نہیں کر سکی۔

جناب عالی! آپ کے سامنے ground realities ہیں۔ وہ جو internal disturbance اور دوسری چیزیں آپ دیکھ رہے ہیں اور صوبے کی جو حالت ہے اور آپ کے سامنے جو movement ہے، میرا مطلب ہے کہ حالات ہوتے ہیں، زرداری صاحب نے کئی سال جیل کاٹی ہے۔ اگر انہوں نے غلط کاٹی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کو باہر لے آئیں گے۔ اللہ تعالی کے نزدیک کوئی چیز مشکل نہیں ہے، وہ انہیں باہر لے آئیں گے۔ زرداری صاحب نے بارہ چودہ سال جیل کاٹی لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ پھر state کے متعلق کہیں کہ either it's me or state. میں ہوں گا تو پاکستان ہے، اگر میں نہیں ہوں تو پاکستان جہاں مرضی جائے۔ یہ تو وہ attitude ہے۔

ابھی آپ نے محسن کی پوری بات سنی ہے۔ It is virtually very strange جو انہوں نے demonstrate کیا it is not coming from a leader. میں تو حیران ہوں I have dealt with Imran Khan sahib for the last fourty years as friend and obviously as political adversaries and also in the 2014 sit in but things have never gone that bad. پچھلے بجٹ سیشن میں مجھے نیشنل اسمبلی میں کہا گیا کہ ڈار صاحب! آپ تو ہمیشہ reconciliation میں believe کرتے ہیں، اب کچھ کریں۔ آپ نے دیکھا کہ ہم معاملات کو reconciliation پر لے آئے کہ چلیں جی، political بات چیت کریں، معاملات کو کسی طرح diffuse کریں لیکن میں نے یہ ضرور کہا کہ کاش کہ نو مئی کو you would not have gone and cross all red lines. I mean no country will accept you go and attack the general headquarters, you attack the military installation and you attack the corps commanders' houses. No country can afford this thing. لہٰذا، میری گزارش یہ ہے کہ یہ اب جو کچھ ہوا ہے، یہ بالکل آئین کے مطابق ہے۔

میں گزارش کروں گا کہ ہم ہر چیز کی پوری تسلی کریں گے کیونکہ obviously چلیں، آپ ماشاءاللہ بہت زیادہ اس میں expert ہیں لیکن چھوٹی موٹی ہماری بھی سوجھ بوجھ ہے۔ ہمارے ساتھ بھی barrister صاحب بیٹھے ہوئے ہیں جو کہ لاء منسٹر ہیں، دیکھیں، I am

علی ظفر صاحب! آپ دل سے کہہ رہے ہوں گے کہ کوئی بھی terrorism کا حامی نہیں ہے، ہونا تو یہی چاہیے لیکن it is not sure the ground reality. What has been done against terrorism in the province? دو صوبے جل رہے ہیں، لوگ تماشا دیکھ رہے ہیں اور لوگ ہمارے well wisher تو نہیں ہوں گے۔ اتنی مشکل سے جو default ہم نے بھگتی ہے، 2022-23 اور پھر واپس آ کے 2024 میں، وہ آپ سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ اگر بڑی مشکل سے stability واپس آئی ہے، ابھی consolidation ہونی چاہیے، اگر بڑی مشکل سے interest rate بائیس سے گیارہ پہ آیا ہے، inflation single digit میں آئی ہے، اب اگر اس کو ہم نے پھر اسی طرح اپنے دھرنوں میں یا لانگ مارچوں میں ضائع کر دینا ہے، ملک کا بیڑا غرق کرنا ہے، agencies کی ratings نیچے جاتی ہیں تو پھر اللہ ہی مالک ہے۔

میرا خیال ہے each one of us should play wisdom, give the right advice to the leadership and follow what is good for Pakistan. اگر پاکستان کے لیے بہتری ہوگی تو ہر پارٹی کے لیے بہتری ہوگی۔ اگر پاکستان کے لیے بہتری نہ ہو تو کسی پارٹی کے لیے بھی بہتری نہیں ہوگی۔ میری گزارش یہ ہے کہ جو summary کی بات آپ نے فرمائی، پوری cabinet نے اس summary کو دیکھا۔ بالکل we were privy to this because obviously, ہم نے اڑھائی گھنٹے ہر چیز کو دیکھا، ایک ایک لفظ پڑھا۔ Obviously we are like you before taking a decision ہم کوشش کرتے ہیں کہ کم از کم کوئی چھوٹی موٹی غلطی بھی نہ ہو اور پورے اڑھائی گھنٹے اسے دیکھا۔ میں debate میں سے اٹھ کر گیا when sense of the house was clear. چار چیزیں تھیں، میں نے آپ کو بتایا کہ یہ چیف منسٹر بدل لیں۔ Denounce terrorism کہ آج سے PTI terrorism کے خلاف ہے اور ہم اس کا کھل کے مقابلہ کریں گے۔ نمبر تین، federal government کے ساتھ مل کے اس menace کے خلاف ہم جنگ لڑیں گے۔ چوتھا کہ emergency only limited districts میں لگے گی لیکن کوئی مثبت جواب نہیں آیا۔ اب کتنی دیر آپ یہ انتظار کریں گے؟ کتنی دیر دیکھیں گے؟

آپ کے سامنے ہے، آپ نے کہا کہ عوام کا دل آپ بدل نہیں سکتے۔ آپ نے عوام کا دل دیکھ لیا ہے۔ See what *awam* has said. How much *awam* have come out in the province of KP. If they were enjoying

لہٰذا، میرا خیال ہے کہ ہم اس طرح a wonderful life, there would have been marches everywhere. غلط picture پیش نہ کریں یا flimsy picture پیش نہ کریں۔We should be honest to the core. میں نے جیسے عرض کیا کہ تیرہ سال میں جو کچھ ہو چکا ہے، اس میں ہمارا جو problem تھا کہ political reconciliation پیچھے رہ گئی ہے۔ اب یہ ہے کہ 232 اور 234 والے حالات آ گئے ہیں کہ اس کو ٹھیک کرنا ہے۔ آپ نے advisory council کی بات کی، آپ مجھے بتائیں، اگر آپ میں سے کسی کو پتہ ہے، ہم نے کوشش کی ہے کہ کوئی اس میں political نہ ہو، بارہ میں سے ایک آدھ ہے جس کی affiliation ہے، بچی جو ہے، لیکن کوئی کسی کی political party کے ساتھ affiliation نہیں ہے۔ They are all professionals and you would not have read in the papers. تین دن میں، یہ قوم ماشاءاللہ بڑی efficient ہے، اب تک تو وہ ان کا کچا چٹھا کھول کے ان کا قیمہ نکال دیتے اگر کسی کی background ٹھیک نہ ہوتی تو they are all professionals. کیا لیفٹننٹ جنرل نگار health کو handle نہیں کر سکیں گی؟

(مداخلت)

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: وہی میں کہہ رہا ہوں۔ ایمل ولی صاحب! ٹھیک ہے۔ کچھ لوگوں کی political desire تھی لیکن it was taken as a very conscious decision by the President and the Prime Minister کہ ہمیں یہ colour نہیں دینا کہ political لوگوں کو ہم لگائیں۔ بڑے بڑے ہیں، بالکل آپ صحیح کہہ رہے ہیں، ہو سکتا ہے لیکن میرے خیال میں professional لوگوں کو لگایا ہے، لوگوں نے اس کو appreciate کیا ہے۔ ایمل ہو سکتا تھا، اگر یہ کوئی خواہش ظاہر کرے۔ اب کہہ رہا ہے کہ کبھی نہیں۔ کبھی کہتا ہے کہ ہونا چاہیے اور کبھی کہتا ہے کہ کبھی نہیں۔ اسی لیے یہ حالات ہیں۔ عوام تو نہیں ان کو لائے، ان کو Federal Government لائی ہے to help the Governor to run the province till situation becomes normal and till we can do something. ہماری پوری کوشش ہوگی کہ ہم Federal Government سے پوری طرح ان کو assist کریں، resources کے حوالے سے، ان کو مشورے کے حوالے سے، experience کے حوالے سے، جو کچھ بھی ہو سکتا ہے وہ ہمیں کرنا ہے۔ میرا خیال ہے کہ چھ مہینے کے بعد اسمبلی revive ہو جائے گی اور علی ظفر صاحب زیادہ بہتر بتائیں گے

کہ Government تو چاہے سال لگ جائے، دو سال لگ جائے، وہ تو پھر انتظار کرے گی جب تک ground realities ٹھیک نہیں ہوتیں، جب وہاں کے حصے کا پیسہ لوگوں کے اوپر خرچ نہیں ہوتا تو انشاءاللہ، یہ کام ہوگا۔

جناب چیئرمین! میں بس wind up کرتا ہوں۔ میں نے کوشش کی ہے کہ میں کوئی چیز نہ چھوڑوں لیکن believe me that with very heavy heart this decision has been taken with complete unanimity of the cabinet with candid discussion, open ہر ایک کو کھلی چھٹی تھی جو مرضی کہے۔ یہ جو original efforts تھیں ساری وہ actually politically reconciliation کی تھیں which actually ended جب یہ دونوں parties agree کرکے، میں نے جیسے کہا میں کمیٹی میں نہیں تھا، رانا صاحب تھے، امیر مقام تھے ہماری طرف سے اور تیسرے محسن نقوی تھے، ان کی طرف سے شیری صاحبہ تھیں تو ان کی طرف سے پوری کمیٹی تھی۔ بس اب اللہ کرے بلکہ اب دعائے خیر کرنی چاہیے Leader of the Opposition کو کہ اللہ تعالیٰ اس صوبے کے حالات بدل دیں، ملک میں ملک میں امن آجائے۔ دیکھیں terrorism اس وقت یہ اتنا بڑا مسئلہ بن چکا ہے، آپ حوثیوں کو دیکھیں کہ وہاں کیا ہو رہا ہے، آپ دنیا میں دیکھیں کہ کدھر کیا ہو رہا ہے۔ اگر ہم اپنے آپ کو insulate نہیں کر سکیں گے تو خدانخواستہ ہماری بڑی تباہی ہو جائے گی۔ ہم نے یہ جو فیصلے کیے ہیں with complete honesty کیے ہیں، صوبے کے interest میں کیے ہیں۔ Political Parties رہتی ہیں، اس ملک میں مارشل لا بھی آئے، parties پھر بھی رہی ہیں۔ آپ بھی رہے ہیں، ہم بھی رہے ہیں، یہ بھی رہیں گے لیکن اس وقت اگر کوئی اچھی چیز ہو سکتی ہے، کچھ ٹھیک کر سکتے ہیں تو میرے خیال میں یہ best opportunity ہے۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین! آپ کا اور تمام ممبرز کا بھی۔

Mr. Chairman: This debate will continue tomorrow. The proceedings of the House stands adjourned to meet again on Wednesday, 14th October 2026 at 4:00 pm.

[The House was adjourned to meet again on Wednesday, 14th October, 2026 at 4:00 pm]